https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | بدھ 23 جمادی الاوّل 1448ھ 04 نومبر 2026ء | شمارہ:226

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امدھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

کراچی کے اسٹریٹ کرائم میں 14 فیصد کمی آگئی



جاوید عالم اوڈھو

دنیا میں کوئی بھی پولیس عوام کے تعاون کے بغیر پولیسنگ نہیں کرسکتی، کراچی میں آسمانوں کو چھونے والے جرائم کو نیچے لانے میں تاجروں کا کردار اہم ہے، رواں سال اسٹریٹ کرائم میں 14 فیصد کمی آئی ہے، آزاد خان

کمیونٹی پولیسنگ کی افادیت کے موضوع پر سیمینار، سید سیف الرحمان، مراد علی سونی، طلعت محمود، دانش بن رؤف، اسلم خان نے بھی کیا اپنا اپنا اظہار خیال، ہر فرد ذمہ داری پوری کرے تو شہر بہتر بن سکتا ہے

کراچی (علیم نواب خان سے) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ دنیا میں کوئی بھی پولیس عوام کے تعاون کے بغیر پولیسنگ نہیں کرسکتی، کراچی میں آسمانوں کو چھونے والے جرائم کو نیچے لانے میں تاجروں کا کردار اہم ہے، رواں سال اسٹریٹ کرائم میں 14 فیصد کمی آئی ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو سی پی کے، کے تحت کمیونٹی پولیسنگ کی افادیت کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ آئی جی سندھ نے بتایا کہ 2012ء میں جب ڈی آئی جی تھا اس وقت اسٹریٹ کرائم کی بات ہی نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



اسٹارٹ اپس کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، جاوید لغاری

عزیز میمن، عرفان قریشی اور پرویز مدراس والا کا انگش اسپیک یونین کے اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے تعلیمی اور معاشی نظام میں بہتری، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور ملک میں نئے کاروباری مواقع پیدا کرنے کے لیے اسٹارٹ اپس کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لیے تعلیمی اداروں اور کاروباری حلقوں کے درمیان مؤثر اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI)، جدید تحقیق، ٹیکنالوجی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سندھ پبلک سروس کمیشن کا امتحانات میں جعل سازی روکنے کیلئے جدید اقدام

الیکٹرانک حاضری کا نظام متعارف، آئندہ تمام تحریری امتحانات میں امیدواروں کی ڈیجیٹل تصدیق لازمی ہوگی

حیدرآباد (این این آئی) سندھ پبلک سروس کمیشن نے امتحانات میں جعل سازی اور امیدواروں کی جگہ دوسرے افراد کے امتحان دینے کی روک تھام کے لیے الیکٹرانک حاضری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

این سی سی آئی اے کراچی میں انتظامی تبدیلی، ایڈیشنل ڈائریکٹر طارق نواز عہدے سے سبکدوش

کراچی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کراچی میں اہم انتظامی تبدیلی عمل میں لائی گئی ہے، جہاں گریڈ 18 کے افسر طارق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

منظور کالونی میں نائٹ میچ کھیلنے والی کرکٹ ٹیم ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹ گئی

کراچی (این این آئی) منظور کالونی میں نائٹ کرکٹ میچ کھیلنے والی ٹیم کو تین مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ واردات کے دوران ملزمان نے کھلاڑیوں سے موبائل فونز اور نقدی چھینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

میوزک چائنا 2026 نمائش اختتام پذیر، پاکستانی کمپنیوں کی شرکت

شنگھائی میں چار روزہ عالمی نمائش میں 31 ممالک اور خطوں کے 1500 سے زائد نمائش کنندگان کی شرکت

کراچی (این این آئی) چین کے شہر شنگھائی میں موسیقی کے آلات کی عالمی نمائش میوزک چائنا 2026 چار روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئی۔ نمائش 28 سے 31 اکتوبر تک شنگھائی نیو انٹرنیشنل ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے موسیقی کے آلات کی صنعت سے وابستہ اداروں، ماہرین اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ نمائش میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

چیونگ اور الائیڈ بینک نے برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت والی ماسٹرز ڈگریاں فراہم کرنے کے لیے ہاتھ ملا لیا ہے برطانوی حکومت کے 'چیوننگ پروگرام' اور الائیڈ بینک لمیٹڈ نے ایک نئی شراکت داری کا آغاز کیا

برٹش حکومت کے چیوننگ اسکالرشپ پروگرام کے تحت الائیڈ بینک کی بڑی شراکت داری

باصلاحیت پاکستانیوں کو برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت کے ساتھ ماسٹرز ڈگریاں حاصل کرنے کا موقع ملے گا الائیڈ بینک پاکستان میں مقامی سطح پر فنڈز فراہم کرنے والی پہلی ایسی تنظیم ہے جس نے 'چیوننگ اسکالرشپ' کے لیے شراکت داری قائم کی

یہ شراکت داری الائیڈ بینک کے صدر اور سی ای او، ایزید گل کے لیے ایک یادگار موڑ کی حیثیت رکھتی ہے، جنہوں نے خود 2001 میں ایک 'چیوننگ اسکالر' کے طور پر یونیورسٹی آف مانچسٹر سے 'ایم ایس سی بزنس اکنامکس' کی ڈگری حاصل کی تھی



الائیڈ بینک لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او ایزید گل برطانوی ہائی کمشنر پاکستان جین میرٹ کے ہمراہ ایم او یو پر دستخط کر رہے ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) چیوننگ (Chevening) اور الائیڈ بینک نے برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت والی ماسٹرز ڈگریاں فراہم کرنے کے لیے ہاتھ ملا لیا ہے۔ برطانوی حکومت کے 'چیوننگ پروگرام' اور الائیڈ بینک لمیٹڈ نے ایک نئی شراکت داری کا آغاز کیا ہے، جس کے ذریعے باصلاحیت پاکستانیوں کو برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت کے ساتھ ماسٹرز ڈگریاں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ الائیڈ بینک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی: نجی بینک میں منیجر سمیت 3 افراد بے ہوش، اسپتال منتقل

کراچی (این این آئی) سولجر بازار میں واقع ایک نجی بینک میں منیجر سمیت تین افراد بے ہوش ہوگئے، جنہیں چھیپا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کراچی: پورٹ قاسم کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار کمسن بچہ جاں بحق

کراچی (این این آئی) پورٹ قاسم کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار کمسن بچہ جاں بحق ہوگیا، بلدیہ میں رکشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی: پولیس مقابلے، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، 7 زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلوں کے دوران ایک مبینہ ڈاکو ہلاک جبکہ 7 ملزمان کو زخمی حالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت، ایک شہری کی گرفتاری کا انکشاف

عبدالرحیم کا تاحال سراغ نہ مل سکا، اظہر الدین ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ کی تحویل میں نکلا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت کے دوران پولیس نے گلزار ہجری سے لاپتا شہری عبدالرحیم کی بازیابی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جعلی ای پروٹیکٹر پر عراق جانے کی کوشش ناکام، کراچی ایئرپورٹ سے 3 مسافر آف لوڈ

ایف آئی اے امیگریشن کی کارروائی، مشتبہ دستاویزات کی نشاندہی پر مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن کراچی نے جعلی ای پروٹیکٹر بنیاد پر عراق جانے کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ڈی کام حصہ دوم سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان، کامیابی کا تناسب 95.61 فیصد رہا

حلیمہ بی بی نے پہلی، محمد زین اللہ خان نے دوسری اور عثمان تسلیم احمد نے تیسری پوزیشن حاصل کرلی

کراچی (این این آئی) سندھ ٹیکنیکل بورڈ نے دوسالہ انٹرمیڈیٹ پروگرام ڈپلومہ اِن کامرس (ڈی کام) حصہ دوم کے سالانہ امتحانات 2026ء کے نتائج کا اعلان کردیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

محدود تیزی کے باوجود اسٹاک مارکیٹ میں 95 ارب 67 کروڑ روپے ڈوب گئے

کراچی (بزنس رپورٹر) لنڈ کمپنیوں کے ملے جلے مالیاتی نتائج، ریفائنری سیکٹر میں پرافٹ ٹیکنگ اور امریکی انتخابات کی وجہ سے سرمایہ کاروں کے محتاط طرز عمل کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں پیرا تار چڑھاؤ کے بعد محدود پیمانے پر تیزی رہی تاہم محدود تیزی کے باوجود 1 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

یلو لائن منصوبے میں 8 ارب 56 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ بے ضابطگیاں

اینٹی کرپشن نے چالان جمع کرادیا، سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد عباسی سمیت چار افسران نامزد

ٹھیکیداروں کو اربوں روپے کی پیشگی ادائیگیوں اور قواعد کی خلاف ورزیوں کا الزام

کراچی (این این آئی) صوبائی اینٹی کرپشن عدالت میں یلو لائن منصوبے میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے مقدمے میں اینٹی کرپشن حکام نے سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد عباسی سمیت دیگر ملزمان کے خلاف چالان عدالت میں جمع کرادیا۔ چالان میں منصوبے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

بیشتر شہروں میں سیمنٹ کی قیمتوں میں کمی، نئی نرخ سامنے آگئے

جنوبی علاقوں میں معمولی اضافہ، کراچی میں سیمنٹ کی بوری 1481 روپے کی ہوگئی

لاڑکانہ میں 1523 روپے، کوئٹہ میں 1560 روپے اور خضدار میں 1650 روپے ریکارڈ کی گئی

کراچی (این این آئی) ملک کے بیشتر شہروں میں گزشتہ ہفتے کے دوران سیمنٹ کی رٹیل قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی، تاہم جنوبی علاقوں میں معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق 29 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

شہید بینظیر آباد میں خاتون پر تشدد، وزیر ترقی نسواں شاہینہ شیر علی کا نوٹس

ملزمان کی فوری گرفتاری اور سخت قانونی کارروائی کی ہدایت، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

ویڈیو میں شوہر اور دیوروں کو خاتون کو گھر سے بے دخل کرنے کے لیے تشدد کرتے دیکھا جاسکتا ہے

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے شہید بینظیر آباد میں شوہر اور سسرالیوں کی جانب سے خاتون پر مبینہ تشدد کی وائرل ویڈیو کا نوٹس لیتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے

ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے ساتھ شہری ترقی کے لیے ایک ارب ڈالر کا سرمایہ کاری پروگرام کی منظوری

اجلاس میں صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ اور محکموں کے سینئر افسران کی شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے اور طویل مدتی معاشی استحکام کے لیے اہم نوعیت کے متعدد فیصلے کیے۔ اجلاس کے ایجنڈے میں آٹے کی قیمت کم کرنے کے لیے گندم کی اجرا قیمت میں نمایاں کمی، گنے کی کرشنگ سیزن کے باضابطہ آغاز کی تاریخ کا تعین اور صنعتی پارک کے قیام سمیت پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی کے لیے زمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں کابینہ کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی: انسدادِ پولیو مہم میں غیر متعلقہ ملازمین کی تعیناتی کا دوبارہ انکشاف

ضلع وسطی میں مالی، ڈرائیور، چوکیدار اور نائب قاصد یونین کونسل مینجمنٹ آفیسر تعینات

کراچی (این این آئی) کراچی کے ضلع وسطی | میں انسدادِ پولیو مہم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پیوٹ پروگرام صنعتی ترقی، برآمدات اور روزگار کے فروغ میں اہم، میاں زاہد حسین

ایک لاکھ 62 ہزار نئی ملازمتوں کا ہدف؛ سندھ سمیت دیگر صوبے بھی صنعتی جدت کے منصوبے متعارف کرائیں

30 اکتوبر کو لاہور میں متعارف کرایا جانے والا یہ پروگرام پیداواری صلاحیت میں اضافہ کریگا، سابق صوبائی وزیر

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئل فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، بینظیل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صنعتی سرمایہ کاری، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے فروغ کے لیے پنجاب انوویشن فار ویلیو، ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ اینڈ ٹرانسفارمیشن (پیوٹ) پروگرام کے اجرا کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30 اکتوبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ابھی مائیکرو فنانس بینک آئی پی او سے 13 ارب کا سرمایہ حاصل کریگا

بک بلڈنگ کا عمل 5 اور 6 نومبر کو ہوگا، فلور پرائس 15 روپے فی شیئر مقرر

بینک انتظامیہ نے امید ظاہر کی ہے کہ سال 2027 میں کاروباری حجم میں مزید بہتری ہوگی

کراچی (کامرس رپورٹر) ابھی مائیکرو فنانس بینک نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 132 ملین عام حصص کی ابتدائی عوامی پیشکش کے ذریعے 13 ارب روپے کا سرمایہ حاصل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حاصل ہونے والے فنڈز سے بینک اپنے کاروبار کو وسعت دے گا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ابھی مائیکرو فنانس بینک کے آئی پی او کے لیے بک بلڈنگ کا عمل 5 اور 6 نومبر کو جبکہ ریٹیل سرمایہ کاروں کے لیے درخواستیں 12 اور 13 نومبر کو وصول کی جائیں گی۔ آئی پی او کے لیے مجموعی طور پر 99 ملین شیئرز پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

فیڈریشن ہاؤس میں پاکستان ایسوسی ایشن برنس راؤنڈ ٹیبل کا شاندار انعقاد

تقریب میں ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے استقبالیہ کلمات ادا کیے؛ جبکہ ایف پی سی سی آئی کی کمیٹی برائے سفارتکاری کے چیئرمین حنیف گوہر نے کلیدی خطاب کیا

صنعت کار بشیر جان محمد، ڈی جی وزارت خارجہ عرفان سومرو کی بطور مہمان خصوصی شرکت، فلپائن کے اعزازی قونصل جنرل ڈاکٹر عمران یوسف نے تقریب کی مشترکہ میزبانی کی

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے فلپائن کے اعزازی قونصل جنرل کراچی کے اشتراک سے ایک اعلیٰ سطحی پاکستان۔ آسیان بزنس راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا ہے؛ جس میں آسیان ممالک کے سفارتکاروں، حکومتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کراچی: شرف آباد میں نوسر باز خاتون کیشئر سے 1 4 ہزار روپے لے اڑا

کراچی (این این آئی) نیو ٹاؤن کے علاقے شرف آباد میں ایک نوسر باز مبینہ طور پر خاتون کیشئر کو اپنے فریب میں الجھا کر نجی بینک سے 41 ہزار روپے لے کر فرار ہوگیا۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے۔ فوٹیج میں شلوار قمیض اور ٹوپی پہنے ایک نوجوان کو بینک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سرجانی ٹاؤن میں فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن میں سائرہ بی بی گوٹھ پولیس چوکی کے قریب فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے واقعے کو ذاتی رنجش کا شاخسانہ قرار دیا ہے، جبکہ عینی شاہدین اور اہلِ خانہ کے مطابق نوجوان کو مبینہ طور پر ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر قتل کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

الیکشن کمیشن کا ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز نوٹس

انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر وضاحت طلب، 15 اکتوبر تک انتخابات کرانے کی توسیع شدہ مہلت بھی گزر گئی

جواب کے لیے 14 روز کی مہلت، انتخابی نشان روکے جانے کا انتباہ

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 14 روز میں وضاحت طلب کرلی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان 15 اکتوبر 2026 تک دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گھریلو تنازع پر تشدد کا مقدمہ، دو خواتین سمیت تین ملزمان کی ضمانت مسترد

عدالت سے ضمانت مسترد ہوتے ہی تینوں ملزمان فرار، مدعیہ نے دیور اور نندوں پر تشدد اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کا الزام عائد کیا

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شرقی کی عدالت نے گھریلو تنازع پر درج مقدمے میں دو خواتین سمیت تین ملزمان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

چیک باؤنس کیس، سندھ ہائیکورٹ نے ملزم سید رضوان علی کی ضمانت منظور کرلی

ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم، وکیل کا مؤقف ہے کہ مدعی گاڑیاں واپس لینے کے باوجود چیک واپس نہیں کر رہا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے | چیک باؤنس کے مقدمے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان سواتی کو ہول سیل فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ایسوسی ایشن کے صدر بابو علیم اور سیکرٹری جنرل طاہر ایوب گلدستے پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبران رانا استخار، سہیل چوہدری ملک راشد طفیل، مظہر حسین عمران، بخاری افتخار انور سیٹھی ملک خضر شبیر احمد ارسلان جاوید چوہدری وسیم رضوان، فاروق ملک نصرت خالد، چوہدری اسحاق سیال نعمان بھٹی، اختر خان اور دیگر کاروباری نمائندے بھی موجود ہیں۔

فروٹ و ویجیٹیبل سیکٹر پاکستان کی برآمدات کا اہم ذریعہ ہے

محمد زکریا | اکبر ضیا

پاکستانی کینو سمیت زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں رسائی بڑھانے کے لیے اقدامات ضروری ہیں: محمد اشفاق چٹھہ

مارکیٹ کے مسائل متعلقہ حکام کے سامنے اٹھانے کے لیے بروقت تعاون اور دلچسپی کا مظاہرہ کیا، فروٹ و ویجیٹیبل ایسوسی ایشن صدر بابو علیم

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے اسلام آباد فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ کے تاجر رہنماؤں اور کاروباری برادری کو یقین دہانی کرائی ہے کہ چیمبر مارکیٹ کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی بدین کا ماتلی میں انسدادِ پولیو مہم کا دورہ

حیدرآباد بس اسٹاپ سمیت مختلف ٹرانزٹ اور فکسڈ پوائنٹس پر ویکسینیشن اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

ماتلی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر بدین ڈاکٹر زارا | زاہد اور ایس ایس پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں؛ سابق سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی حنیف گوہر؛ بشیر جان محمد اور مہمان خصوصی وزارت خارجہ (MOFA) کے ڈائریکٹر جنرل عرفان سومرو، فیڈریشن ہاؤس کراچی میں پاکستان۔ آسیان بزنس راؤنڈ ٹیبل میں اہم ممالک کے سینئر سفارتکاروں کے ہمراہ موجود ہیں۔



میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کو فلاحی ادارے الخیر ٹرسٹ کے چیئرمین محمد طاہر انصاری اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر سائیٹ ایسوسی ایشن کے رہنما حسین موسانی بھی ہمراہ موجود ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: الیس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

افغان طالبان کو وارننگ۔۔۔۔!

پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کی بات نہ مانی تو اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے جبکہ افغان طالبان حکومت بھارتی پراکسی کے طور پر کام کررہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) دونوں پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسیاں ہیں۔ پاکستان کا افغان طالبان سے واضح مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی حمایت بند کرے۔ عالمی خبر رساں ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں جنرل چودھری نے مزید کہا کہ افغان طالبان اپنے مقاصد کے حصول کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کررہے ہیں، وہاں اب بھی غیر ریاستی عناصر کا اثر ورسوخ موجود ہے، افغانستان میں ماضی میں روسی مداخلت کے بعد متعدد خفیہ ایجنسیوں اور پراکسی تنظیموں نے اپنی جڑیں مضبوط کررکھی ہیں۔جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں موجود ہیں اور اِس کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکہ سمیت کئی ممالک کرچکے ہیں۔ اُنہوں نے الزام عائد کیا کہ افغان طالبان رجیم نے نورولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور ا?نہیں وہیں سے اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے پاکستان کا افغان طالبان سے مطالبہ انتہائی سادہ اور واضح ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکیں اور دہشت گرد عناصر کی سرپرستی بند کریں، وہ اگر ان تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں لیتے اور دہشت گردی کے خلاف مطلوبہ اقدامات نہیں کرتے تو اِس کے سنگین نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ بھی کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے، عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ افغان رجیم کو ایک معمول کی ریاست کی طرح ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنے پر مجبور کرے، افغان طالبان پر دباؤ ڈالے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار کا سلسلہ بھی بند کریں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری افواج افغانستان کی طرف سے لاحق ڈرون حملوں سمیت تمام ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے اور ا?ن کا مؤثر سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے اٹلانٹا میں جی ٹوئنٹی وزرائے خارجہ اجلاس کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے اتوار کو کہا تھا کہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں پر پاکستان تشویش کا اظہار کر رہا ہے، امریکہ نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ ترجمان دفترِ خارجہ نے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ افغانستان کیساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کیلئے امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا پاکستان خیر مقدم کرے گا۔ ترجمان کے مطابق بامعنی مذاکرات کے لیے ضروری ہے کہ افغان طالبان حکام اِس بات کا واضح عزم کریں کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کیخلاف ٹھوس کارروائیاں کریں گے۔ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف طالبان رجیم کو قابلِ تصدیق کارروائی کرنا ہوگی، پاکستان تعمیری روابط کیلئے بدستور تیار ہے تاہم اِن روابط کے نتیجے میں جائز سکیورٹی خدشات دور کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس پیشرفت ہونا ضروری ہے۔



ریجنل الیکشن کمشنر میرپور خاص پرویز احمد کلہوڑو کی زیر صدارت اہم اجلاس

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی بھرپور کوشش ہے کہ خواتین کو انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ شامل کیا جائے تاکہ وہ بھی جمہوری عمل میں اپنا مؤثر کردار ادا کرسکیں



میرپور خاص (رپورٹ خاور انیس) جمہوری انتخابی عمل میں خواتین کی بھرپور شمولیت کو یقینی بنانے اور خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن میں موجود فرق کو ختم کرنے کے حوالے سے ریجنل الیکشن کمشنر میرپور خاص پرویز احمد کلہوڑو کی صدارت میں ان کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل الیکشن کمشنر پرویز احمد کلہوڑو نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی بھرپور کوشش ہے کہ خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن کی ذاتی رہائشگاہ کی ڈرون کے ذریعے نگرانی چادر اور چار دیواری کے تقدس کی خلاف ورزی ہے، مولانا سلیم اللہ خان بروہی



گڑھی خیرو (رپورٹ/راشد علی ببر) جمعیت علماء اسلام ضلع جیکب آباد کے سیکریٹری جنرل مولانا سلیم اللہ خان بروہی اور تحصیل گڑھی خیرو کے جنرل سیکریٹری اسداللہ حیدری نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی اسلام آباد میں واقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل آج کھیلا جائے گا راشد احمد، سیکرٹری زون دو

کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل آج بدھ 4 نومبر 2026 کو ٹی ایم سی کرکٹ گراونڈ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سندھ حکومت کے تعاون سے ضلع میرپور خاص اور عمرکوٹ کے غیر رسمی تعلیمی مراکز کے لیے ڈیجیٹل ٹیبلٹس کی تقسیم

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) سندھ حکومت کے تعاون اور محکمہ تعلیم کے وژن کے تحت، غیر سرکاری تنظیم ہوپ اینڈ ٹرانسفارمیشن آرگنائزیشن پاکستان (HTP) کے زیر اہتمام ضلع میرپور خاص اور عمرکوٹ کے نان فارمل ایجوکیشن (NFE) سینٹرز کے سہولت کاروں (فیسلیٹیٹرز) کے لیے ایک پروقار ٹیبلٹ تقسیم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر چمن منشا (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی) میرپور خاص تھے جبکہ صدارت میڈم شہناز حزب اللہ (چیئرپرسن، ایچ ٹی پی) نے کی۔ تقریب میں شہزاد ولمک، امین اریسر، سکندر آریسر اور دیگر معزز مہمانوں سمیت ایچ ٹی پی کی ضلعی ٹیم نے شرکت کی۔اس موقع پر نان فارمل ایجوکیشن سینٹرز کے سہولت کاروں میں ڈیجیٹل ٹیبلٹس تقسیم کیے گئے تاکہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے تدریسی عمل اور ڈیجیٹل لرننگ کو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

تھانہ پیر آباد کی حدود بنارس پل پر رات گئے پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک موٹر سائیکل سوار ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی تھانہ پیر آباد کی حدود بنارس پل پر رات گئے پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک موٹر سائیکل سوار ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے دوران گرفتار ملزم کی شناخت حیات ولد فضل حسن کے نام سے ہوئی ایس ایچ او پیر آباد نے پولیس ٹیم کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے مقابلے میں اہم کردار ادا کیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، چلیہ وخول اور موبائل فون برآمد کرلیا، جبکہ زیر استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

منشیات کے کاروبار سے لاتعلقی کا اظہار، پولیس کی مبینہ ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے خاتون نبیلہ بلوچ کی اپیل

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) منشیات کے کاروبار سے لاتعلقی کا اظہار، پولیس کی مبینہ ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے کی اپیل میرپور خاص کے علاقے والکرٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



محمد ہاشم ہومیوڈائیلاسز سینٹر ڈویژن بھر کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو ڈائیلاسز کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم فلاحی ادارہ ہے، نواب سمیر حسین لغاری



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر میرپور خاص نواب سمیر حسین لغاری نے کہا ہے کہ محمد ہاشم ہومیو ڈائیلاسز سینٹر ڈویژن بھر کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو ڈائیلاسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وفاقی محتسب اعلیٰ نوید کامران بلوچ کا میرپور خاص ریجنل آفس کا دورہ ادارے کی کارکردگی اور شکایات کے بروقت ازالے پر اطمینان کا اظہار

میرپور خاص (رپورٹ: خاور انیس) وفاقی محتسب اعلیٰ نوید کامران بلوچ 2 روزہ دورے پر میرپور خاص پہنچے جہاں انہوں نے وفاقی محتسب اعلیٰ کے ریجنل آفس میرپور خاص کا دورہ کرکے ادارے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا اس موقع پر ریجنل ہیڈ محمد عارف نے انہیں ریجنل آفس کی کارکردگی عوامی شکایات کے ازالے اور مختلف اداروں کے خلاف موصول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن حاجی نواز بروہی سے اہم ملاقات، علاقے میں ترقیاتی کام جلد شروع کرنے پر اتفاق



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی منگھوپیر ٹاؤن کے چیئرمین حاجی نواز بروہی سے ایک اہم ملاقات ہوئی، جس میں یونین کونسل 14 کے عوام کو درپیش مسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

میرپور خاص میں نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل کے لیے اہم پیش رفت، تنظیمی وفد کا مختلف اسکولوں کا دورہ



میرپور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن (پی پی ایس سی اے) کے سینئر وفد نے میرپور خاص شہر کے مختلف نجی تعلیمی اداروں کا تنظیمی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

وزارت خارجہ امارات نے یوم پرچم پر قومی پرچم لہرا کر قیادت سے وفاداری کا اعادہ کیا

خلیفہ بن شاہین المرار نے ابوظہبی میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی، شیخ مخبوط بن نہیان اور اعلیٰ حکام کی شرکت

وزارت خارجہ نے قومی اتحاد، یکجہتی اور بانیانِ امارات کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ملکی کامیابیوں کے تحفظ کا عزم ظاہر کیا

شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی قیادت میں متحدہ عرب امارات کی ترقی، مضبوط معیشت اور انسانی وسائل کی تعمیر جاری رکھنے پر زور



ابوظہبی (بزنس ریپورٹر) متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے منگل 3 نومبر 2026 کو یوم پرچم کے موقع پر اپنے مرکزی دفتر میں قومی پرچم لہرانے کی خصوصی تقریب منعقد کی، جس میں قومی اتحاد، یکجہتی، وطن سے محبت اور قیادت سے وفاداری کے جذبات کا اظہار کیا گیا۔اس تقریب کا مقصد متحدہ عرب امارات کے قومی پرچم کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی قیادت سے اپنی وفاداری اور قومی کامیابیوں کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرنا تھا۔تقریب کے دوران وزیر مملکت خلیفہ بن شاہین المرار نے صبح 11 بجے وزارت خارجہ کے مرکزی دفتر ابوظہبی میں قومی پرچم لہرایا۔ اس موقع پر وزیر مملکت شیخ مخبوط بن نہیان آل نہیان، وزیر مملکت سعید بن مبارک الہاجری، نائب وزیر مملکت شیخ نہیان بن سیف بن محمد آل نہیان اور وزارت خارجہ کے انڈر سیکریٹری عمر عبید الحسن الشامسی بھی موجود تھے۔اس کے علاوہ جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کے امور کے لیے معاون وزیر خارجہ عمران شرف، طبی امور اور حیاتیاتی علوم کی معاون وزیر مہا برکات، توانائی اور پائیداری کے معاون وزیر عبداللہ بالعلاء اور پروٹوکول امور کے معاون انڈر سیکریٹری سیف عبداللہ محمد الشامسی نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ ریٹائرڈ سفارت کاروں کی کونسل کے ارکان، وزارت کے اعلیٰ حکام اور ملازمین بھی اس موقع پر موجود تھے۔تقریب کے بعد وزیر مملکت خلیفہ بن شاہین المرار نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یوم پرچم کے موقع پر پوری قوم فخر کے ساتھ اپنے قومی پرچم کی جانب دیکھتی ہے، جو قومی اتحاد کی علامت اور ایک ایسے تاریخی سفر کی یادگار ہے جس کی بنیاد متحدہ عرب امارات کے بانی مرحوم شیخ زاید بن سلطان آل نہیان اور ان کے ساتھی بانیانِ امارات نے رکھی تھی۔انہوں نے کہا کہ بانیانِ امارات نے لوگوں کے دلوں کو یکجا کیا اور ایک ایسی ریاست قائم کی جس کی اصل طاقت اس کا اتحاد ہے۔متحدہ عرب امارات نے ایک مستحکم اور خوشحال معیشت کے ذریعے عالمی سطح پر اپنی منفرد شناخت قائم کی ہے، جبکہ انسانی ترقی کو قومی پیش رفت کا بنیادی مرکز بنایا ہے۔خلیفہ بن شاہین المرار کے مطابق انہی مضبوط بنیادوں پر متحدہ عرب امارات نے ترقی اور کامیابی کے نئے افق کی جانب سفر جاری رکھا ہے۔ ملک نے مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک واضح اور دوراندیش وژن اپنایا ہے، جس کے تحت قومی ترقی، معاشی استحکام اور انسانی وسائل کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ صدر متحدہ عرب امارات عزت مآب شیخ محمد بن زاید آل نہیان اور وفاقی سپریم کونسل کے ارکان اور دیگر امارات کے حکمرانوں کی دانشمندانہ قیادت میں ملک مسلسل ترقی اور کامیابی کی نئی منازل طے کررہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی اتحاد اور قیادت کی رہنمائی میں متحدہ عرب امارات اپنی کامیابیوں کے تحفظ اور مستقبل کی تعمیر کے لیے کوششیں جاری رکھے گا۔

☆☆☆



قومی میڈیا اتھارٹی نے یوم پرچم امارات قومی اتحاد، وفاداری اور حب الوطنی کے جذبے سے منایا

عبداللہ بن محمد بن بٹی الحامد نے ابوظہبی میں قومی پرچم لہرایا، محمد سعید الشہی اور اعلیٰ حکام وملازمین کی شرکت

قومی میڈیا اتھارٹی کے چیئرمین نے پرچم کو اتحاد، مشترکہ منزل اور قیادت وعوام کے درمیان مضبوط تعلقات کی علامت قرار دیا

شیخ محمد بن زاید، شیخ محمد بن راشد اور شیخ منصور بن زاید کو یوم پرچم پر مبارک باد، ملکی ترقی کے لیے عزم کا اظہار



ابوظہبی (بزنس ریپورٹر) متحدہ عرب امارات کی قومی میڈیا اتھارٹی (این ایم اے) نے منگل 3 نومبر 2026 کو یوم پرچم قومی جوش و جذبے، اتحاد، وطن سے وابستگی اور قیادت سے وفاداری کے عزم کے ساتھ منایا۔اس موقع پر اتھارٹی کے چیئرمین عبداللہ بن محمد بن بٹی الحامد نے صبح 11 بجے ابوظہبی میں اتھارٹی کے مرکزی دفتر میں قومی پرچم لہرایا۔ تقریب میں قومی میڈیا اتھارٹی کے سیکریٹری جنرل محمد سعید الشہی سمیت اعلیٰ حکام، افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ یوم پرچم کی اس تقریب کا مقصد متحدہ عرب امارات کے قومی تشخص، اتحاد اور مشترکہ قومی اقدار کو اجاگر کرنا اور ملک کی قیادت وعوام کے درمیان مضبوط تعلقات کی تجدید کرنا تھا۔ تقریب کے شرکا نے قومی پرچم بلند کرنے کے ذریعے وطن سے محبت، وفاداری اور قومی ترقی کے سفر میں بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔اس موقع پر قومی میڈیا اتھارٹی کے چیئرمین عبداللہ بن محمد بن بٹی الحامد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہر قوم کی کچھ ایسی علامات ہوتی ہیں جو اس کی تاریخ، شناخت اور قومی سفر کی عکاسی کرتی ہیں۔ متحدہ عرب امارات کا قومی پرچم بھی ایک ایسے اتحاد کی داستان بیان کرتا ہے جس نے مشترکہ مستقبل پر یقین کو ایک مضبوط اور مستحکم ریاست میں تبدیل کیا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کی مسلسل کامیابیوں کی بنیاد اس کی قیادت اور عوام کے درمیان مضبوط اعتماد اور مضبوط تعلقات پر قائم ہے۔ قومی پرچم محض ایک علامت نہیں بلکہ یہ ملک کے اتحاد، مشترکہ منزل، قومی عزم اور اجتماعی جدوجہد کی نمائندگی کرتا ہے۔عبداللہ بن محمد بن بٹی الحامد نے مزید کہا کہ یوم پرچم کے موقع پر ہم صرف ایک ایسے پرچم کو بلند نہیں کرتے جس پر ہمیں فخر ہے بلکہ اس کے ساتھ ایک ایسی قوم کے لیے اپنی ذمہ داریوں کا بھی اعادہ کرتے ہیں جس نے اپنے شہریوں اور یہاں مقیم افراد کو عزت، وقار اور ترقی کے مواقع فراہم کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات اپنی شاندار تاریخ اور قومی ورثے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے مستقبل کی تعمیر اور تشکیل کے لیے مسلسل آگے بڑھ رہا ہے۔ ملک کی کامیابیوں کے تسلسل کے لیے قومی اقدار، اتحاد اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔قومی میڈیا اتھارٹی کے چیئرمین عبداللہ بن محمد بن بٹی الحامد نے یوم پرچم کے موقع پر متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید آل نہیان کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے نائب صدر، وزیر اعظم اور دبئی کے حکمران عزت مآب شیخ محمد بن راشد آل مکتوم، نائب صدر، نائب وزیر اعظم اور صدارتی عدالت کے چیئرمین عزت مآب شیخ منصور بن زاید آل نہیان اور دیگر امارات کے حکمرانوں کو بھی اس قومی دن کی مبارک باد دی۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

کو انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ شامل کیا جائے تا کہ وہ بھی جمہوری عمل میں اپنا مؤثر کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ خواتین کی ووٹر رجسٹریشن اور انتخابی عمل میں ان کی شرکت کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اجلاس میں ضلع میر پورخاص میں خواتین اور مرد ووٹرز کی رجسٹریشن کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر بتایا گیا کہ ضلع میر پورخاص میں مجموعی طور پر 9 لاکھ 21 ہزار 161 رجسٹرڈ ووٹرز ہیں، جن میں 4 لاکھ 88 ہزار 63 مرد جبکہ 4 لاکھ 33 ہزار 98 خواتین ووٹرز شامل ہیں اس طرح مرد اور خواتین ووٹرز کے درمیان 54 ہزار 965 کا فرق موجود ہے، جو مجموعی رجسٹرڈ ووٹرز کا 5.97 فیصد بنتا ہے۔اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن میں موجود اس فرق کو ختم کرنے کے لیے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز، سماجی تنظیموں، کمیونٹی سطح پر کام کرنے والے اداروں اور نمائندوں کو اپنا فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ نادرا کی جانب سے خواتین کو قومی شناختی کارڈ کے حصول کے لیے درکار درست طریقہ کار اور ضروری دستاویزات کے بارے میں مناسب آگاہی نہ ہونے کے باعث شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر اور مشکلات پیش آتی ہیں اس سلسلے میں نادرا کو عوام میں شناختی کارڈ کے حصول کے لیے درکار شرائط اور طریقہ کار سے متعلق مؤثر آگاہی فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔مزید بتایا گیا کہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن کی جانب سے خواتین کے قومی شناختی کارڈ کے اجراء کے لیے مرتب کردہ شیڈول کے مطابق نادرا کی موبائل رجسٹریشن وین (MRV) کی دستیابی یقینی بنائی جائے تا کہ خواتین کو ان کی دہلیز پر شناختی کارڈ کے حصول کی سہولت فراہم کی جاسکے۔اجلاس میں یونین کونسل کی سطح پر بچوں کے برتھ سرٹیفکیٹس کے اجراء میں درپیش مشکلات کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس مسئلے کے حل کے لیے خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نیاز احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالوہاب عباسی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خالد احمد نظامانی، ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات میر پورخاص غلام رضا کھوسو، ٹاؤن آفیسر میر عاطف ٹالپر، اسسٹنٹ الیکشن کمشنر مشتاق احمد مستوئی، سول سوسائٹی کی نمائندہ رادھا بھیل سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

ٹاؤن، تھانہ محمود آباد کی حدود کی رہائشی اور آئی آرلسٹ میں شامل خاتون نبیلہ بلوچ نے منشیات کے کاروبار سے کسی بھی قسم کے تعلق کی سختی سے تردید کرتے ہوئے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی میر پورخاص سے پولیس کی مبینہ ہراسانی کا نوٹس لینے اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی ہے تفصیلات کے مطابق نبیلہ بلوچ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وہ حلفیہ بیان دینے کے لیے تیار ہیں کہ ان کا منشیات کے کسی بھی قسم کے کاروبار سے کوئی تعلق نہیں۔وہ ایک غریب اور مجبور خاتون ہیں، جبکہ ان کی دو کمسن بچیاں تھیلیسیمیا جیسے موذی مرض میں مبتلا ہیں، جن کے علاج معالجے کے سلسلے میں انہیں پشاور، کراچی سمیت مختلف شہروں کے اسپتالوں کے چکر لگانے پڑتے ہیں انہوں نے کہا کہ ایک طرف وہ اپنی بیمار بچیوں کے علاج، مالی مشکلات اور گھریلو پریشانیوں سے نبرد آزما ہیں تو دوسری جانب پولیس کی جانب سے مبینہ طور پر بار بار تنگ کیے جانے کے باعث ان کی مشکلات میں مزید اضافہ ہورہا ہے نبیلہ بلوچ نے اعلیٰ پولیس حکام سے اپیل کی کہ ان کے معاملے کو ہمدردی اور غیر جانبداری سے دیکھا جائے، انہیں بلاوجہ ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور ان کے ساتھ ہونے والی مبینہ زیادتیوں کا نوٹس لے کر انہیں قانونی تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ وہ پہلے ہی اپنی بچیوں کی بیماری اور علاج کے حوالے سے شدید پریشانی میں مبتلا ہیں، لہٰذا ان کی مجبوریوں اور حالات کو مدنظر رکھا جائے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

مؤثر اور شفاف بنایا جا سکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی ڈاکٹر چمن منشانے ایچ ٹی پی کی تعلیمی خدمات کی تعریف کی۔انہوں نے صوبائی وزیر تعلیم اور عبدالجبار مری (ڈائریکٹر لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن، سندھ) کی تعلیمی اصلاحات اور ڈیجیٹل اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نان فارمل ایجوکیشن میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔ٹیبلیٹس کی فراہمی سے سہولت کاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تدریسی معیار میں نمایاں بہتری آئے گی۔چیئرپرسن ایچ ٹی پی میڈم شہناز حزب اللہ نے اپنے خطاب میں تنظیم کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسکول سے باہر بچوں (Children School-of-Out) کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال سے فیلڈ سطح پر این ایف ای پروگرام کا دائرہ کار اور افادیت مزید بڑھے گی۔ایچ ٹی پی کے ضلعی کوآرڈینیٹر اور ٹیم نے عزم ظاہر کیا کہ ان ٹیبلیٹس کا استعمال مراکز کے تعلیمی ریکارڈ کی آن لائن دیکھ بھال، طلبہ کی حاضری، اور روزمرہ تعلیمی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کے لیے مکمل طور پر یقینی بنایا جائے گا۔تقریب کے اختتام پر محکمہ تعلیم سندھ (SE&LD) اور ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی اینڈ این ایف ای کی مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم فلاحی ادارہ ہے جس کی بہتری اور استحکام کے لیے تمام متعلقہ افراد اور ڈونرز کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں محمد ہاشم میمو ڈائیلاسز سینٹر کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، درپیش مسائل کے حل اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈائیلاسز سینٹر سے میر پورخاص ڈویژن کے مختلف علاقوں سے آنے والے مریض مستفید ہورہے ہیں اور ادارے میں سہولیات کی بہتری کے لیے مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے زور دیا کہ اس اہم فلاحی ادارے کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کے لیے ڈونرز، مخیر حضرات اور تمام متعلقہ ممبران کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی تا کہ مریضوں کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ ڈائیلاسز سینٹر کو درپیش مسائل، انتظامی امور اور مزید بہتری کے لیے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔اجلاس میں ممبران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میر پورخاص ڈاکٹر سندیپ کمار، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈاکٹر بیجی چوہان، افضال فضل الٰہی میمن، حاجی محمد عمر بھیو، چوہدری احسان الحق، ڈاکٹر غلام محمد بھیو، چوہدری آصف، اظہر کریم جیلانی، ریاض احمد، ڈائیلاسز سینٹر کی انچارج ڈاکٹر ام رباب آرائیں سمیت دیگر متعلقہ ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

ہونے والی شکایات پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔وفاقی محتسب اعلیٰ نوید کامران بلوچ نے ادارے کے فیصلوں پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بنانے اور عوامی شکایات کے مؤثر ازالے پر ریجنل ہیڈ محمد عارف اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔انہوں نے اس معیار کو برقرار رکھنے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کے ذریعے عوامی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جا رہا ہے اور متاثرہ شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔بالخصوص حیسکو، سوئی سدرن گیس اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے متعلق شکایات پر کارروائی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرنا قابل ذکر ہے۔اس موقع پر ریجنل ہیڈ محمد عارف نے سال 2026ء کے ابتدائی دس ماہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ سال 2025ء کے مقابلے میں اس سال 2026ء کے دوران موصول ہونے والی شکایات کی تعداد میں 66.96 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ شکایات پر فیصلوں اور ان کے نفاذ کے حوالے سے عمل درآمد کی شرح 95.8 فیصد رہی۔وفاقی محتسب اعلیٰ نے ریجنل آفس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے عوامی خدمت کے اس عمل کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف اور ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

موٹرسائیکل بھی تحویل میں لے لی گئی زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید تفصیلات حاصل کرنے اور قانونی کارروائی کا عمل جاری ہے نوٹ: ایس ایچ او پیرآباد کے کردار کو شامل کیا گیا ہے، تاہم کسی مخصوص کارروائی یا بہادری کا دعویٰ سرکاری تصدیق کے بغیر نہیں کیا گیا۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

اور علاقے میں ضروری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں صدر پی ایس 96 نصیب الرحمٰن، یوسی صدر جمشید خان امازئی، وارڈ کونسلر ذاکر خان، کفایت حسن زئی، غلام محمد مکسی اور سماجی کارکن پیربخش نوناری شریک ہوئے اس موقع پر ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی نے یوسی 14 میں ترقیاتی کاموں کے آغاز، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنے بھرپور تعاون اور عملی اقدامات کی یقین دہانی کرائی شرکاء نے حاجی نواز بروہی کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے یقین دہانی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ چیئرمین حاجی نواز بروہی جلد ان وعدوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، تا کہ یوسی 14 کے عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

تعارفی دورہ کیا، جس کا بنیادی مقصد نجی اسکولوں کو درپیش مسائل سے آگاہی حاصل کرنا، ان کے حل کے لیے مشترکہ حکمت عملی ترتیب دینا اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانا تھا۔وفد میں ایسوسی ایشن کے ڈویژنل صدر لالا محمد اسحاق، جنرل سیکریٹری ارشاد احمد خان، میر پورخاص ٹیسٹنگ سروس کے چیئرمین محمد ناصر اقبال اور فراز آرائیں شامل تھے۔دورے کے دوران وفد نے مختلف نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ اور تعلیمی شخصیات سے ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل، تجاویز اور تحفظات کو تفصیل سے سنا۔ملاقاتوں میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ نجی تعلیمی ادارے فروغ تعلیم میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، لہٰذا ان کے جائز مسائل کا بروقت اور مؤثر حل تعلیمی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔وفد نے یقین دہانی کرائی کہ نجی تعلیمی اداروں کے مسائل اور تحفظات کو متعلقہ حکام کے سامنے مثبت اور مؤثر انداز میں پیش کیا جائے گا اور ان کے حل کے لیے باہمی مشاورت اور تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔لالا محمد اسحاق، ارشاد احمد خان، محمد ناصر اقبال اور فراز آرائیں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مشکلات کے حل، تعلیمی معیار کی بہتری اور اسکول انتظامیہ کے ساتھ مضبوط روابط قائم رکھنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔وفد نے اس امید کا اظہار کیا کہ متعلقہ حکام کے تعاون اور تعلیمی اداروں کی باہمی مشاورت سے مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوگی، جس کے مثبت اثرات نہ صرف نجی تعلیمی اداروں بلکہ اساتذہ، طلبہ اور مجموعی تعلیمی ماحول پر بھی مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

لاروش کرکٹ کلب اور یونائیٹڈ اسپورٹس کے مابین صبح 10 بجے کھیلا جائے گا۔فائنل میچ کے مہمان خصوصی پروفیسر اعجاز فاروقی ہونگے۔جو فائنل میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کریں گے۔جبکہ ڈاکٹر خورشید ضیاء زبیری تقریب کی صدارت کریں گے۔میڈیا کوارڈینیٹر کاشف احمد فاروقی کے مطابق تقریب تقسیم انعامات شام 4 بجے منعقد کی جا? گی واضح رہے کہ مذکورہ ٹورنامنٹ میں زون دو سے تعلق رکھنے والی 29 ٹیموں نے حصہ لیا اس ٹورنامنٹ کی کوئی انٹری فیس نہیں تھی اور ٹیموں کو گیندیں بھی زونل آفیشلز کی جانب سے فراہم کی گئیں پورا ٹورنامنٹ ٹرف پچ پر کھیلا گیا اور پورے ٹورنامنٹ کو پروفیسر اعجاز فاروقی نے اسپانسر کیا۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

ذاتی رہائش گاہ کی ڈرون کے ذریعے ویڈیو بنانے کے عمل کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔کسی بھی سیاسی یا مذہبی رہنما کی ذاتی رہائش گاہ کی اجازت کے بغیر نگرانی اور ویڈیو ریکارڈنگ کرنا چادر اور چار دیواری کے تقدس، انسانی وقار اور شہری کی نجی زندگی میں مداخلت ہے۔انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 14 کے تحت ہر شہری کی عزت، وقار اور گھر کی رازداری کا تحفظ بنیادی حق ہے۔چینل آزاد کی جانب سے اس طرح کی فوٹیج بنانے پر متعلقہ حکام کو فوری نوٹس لینا چاہیے، شفاف تحقیقات کروا کر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ چینل آزاد کی انتظامیہ اپنے اس عمل کی فوری وضاحت دے اور مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے غیر مشروط معافی مانگے۔ڈرون فوٹیج بنانے اور اس کی تشہیر میں ملوث تمام افراد کے کردار کی تحقیقات کی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں جب محترمہ مریم نواز صاحبہ کی نجی زندگی اور رہائش گاہ کی رازداری متاثر ہوئی تھی تو مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے سب سے پہلے ان کے حق میں آواز بلند کی تھی۔آج حکمرانوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ اسی اصول کے تحت مولانا صاحب کی نجی زندگی اور گھر کے تقدس کا تحفظ کریں۔قانون کا اطلاق تمام شہریوں پر یکساں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صحافت کی آزادی اپنی جگہ، لیکن اس کے نام پر کسی کی نجی زندگی اور گھر کی رازداری کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔صحافتی آزادی کے ساتھ صحافتی ذمہ داریوں اور اخلاقی اقدار کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔آخر میں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنی قیادت کے ہر آئندہ حکم کے لیے تیار ہیں۔اگر متعلقہ حکام کی جانب سے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی نہ کی گئی تو جماعت اپنی قیادت کی مشاورت سے آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔جمعیت علماء اسلام ضلع جیکب آباد کے کارکنان کفن باندھ کر میدان میں نکلیں گے۔اس موقع پر ضلعی یوتھ ونگ کے جنرل سیکریٹری محمد الیاس بروہی، سٹی امیر نعیم اللہ بروہی، سٹی جنرل سیکریٹری حاجی جان محمد جمالی اور اسد اللہ جمالی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

ہوتی ہیں، آج فخر کی بات ہے بیرون ملک سے آرٹسٹ کراچی آکر ٹھہرے اور آرٹ کی ترویج کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں پہلے 32 ہزار کیمرے تھے، سی پی کے سی ایل کے 2 سے 3 سال میں تعداد 40 ہزار کردی ہے، کیمروں سے جرائم اور سماجی واقعات کی پکڑ ہورہی ہے، گاڑیاں چھیننے والے زیادہ تر کیمروں یا مقابلوں میں پکڑے جارہے ہیں، سی پی کے سینٹرز کو کمیونٹی سینٹرز بنانے کی تجویز پر غور کریں گے، جوڈیشل مجسٹریٹ اس کی قیادت کریں تا کہ گھریلو مسائل وہیں حل ہوں کیونکہ یہی مسائل قتل اور دیگر جرائم کی طرف جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں گھریلو ملازماؤں کی شکل میں کرمنل شامل ہوگئی ہیں، ایک ملازمہ نے اکیلی 18 ڈکیتیاں کروائیں، کراچی میں 42 ہزار اہلکار ہیں، 60 ہزار کی ضرورت ہے جو تعلیم و ٹیکنالوجی سمجھتے ہوں۔پورے سندھ میں ڈکیتی مزاحمت پر قتل میں 17 فیصد اور زخمی ہونے میں 32 فیصد کمی آئی ہے۔سیمینار سے خطاب میں ایڈیشنل آئی جی آزاد خان نے کہا کہ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، اس کی پولیسنگ ہمارے لیے چیلنج ہے جو آپ کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، کراچی کی بزنس کمیونٹی اپنی ذمہ داری بھرپور طریقے سے ادا کرتی ہے، سی پی کے منصوبوں کو مزید آگے بڑھنا چاہیے۔انہوں نے بتایا کہ اسٹریٹ کرائم میں 15 فیصد، قتل اور دیگر سنگین جرائم میں 32 فیصد، گاڑیاں چھیننے میں 15 فیصد، ڈکیتی مزاحمت پر قتل میں 89 فیصد اور زخمی ہونے میں 80 فیصد کمی آئی ہے، کراچی میں مزید کیمروں کی ضرورت ہے، کوشش ہے کمیونٹی پولیسنگ کے کیمرے سیف سٹی سے لنک ہوں۔سی پی کے پیٹرن انچیف مراد علی سوئی نے کہا کہ شہر میں چھوٹے تاجروں کی 70 تنظیمیں سرگرم ہیں جنہیں کمیونٹی پولیسنگ کی افادیت سے آگاہی کے لیے مدعو کیا ہے جب تک تاجر برادری کراچی کی اونرشپ نہیں لے گی شہر تبدیل نہیں ہوگا، سی پی کے نے 18 تھانوں کی حدود میں 2 ہزار کیمرے نصب کیے ہیں، 600 پائپ لائن میں ہیں، یہ ایک تحریک ہے جس کا مقصد شہر کو پرامن اور سرسبز بنانا ہے۔جدید کیمرے 2 کلومیٹر تک کوریج دیتے ہیں، ہم پچھلے 30 سال سے سندھ پولیس کے ساتھ ہیں۔تاجر تنظیمیں اپنی مارکیٹوں میں کم از کم 50 کیمرے لگا کر کنٹرول متعلقہ تھانوں کو دیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا گرین پراجیکٹ شہر کو کنکریٹ سے نکال کر سرسبز بنانے کی کوشش ہے، خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ ہے، سی پی کے ہیلتھ کے تحت جیلوں میں قیدیوں کو مفت ادویات اور صاف پانی فراہم کیا جارہا ہے۔صدر کراچی چیمبر طلعت محمود نے کہا شہر کی اونرشپ کے لیے کراچی چیمبر اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے پوری کرے گا، پولیس کی افرادی قوت 2 کروڑ کے حساب سے تھی، آبادی سوا تین کروڑ ہوگئی لیکن تعداد نہیں بڑھی، ہمارا فرض ہے پولیس کا ساتھ دیں، جہاں ضرورت پڑے گی ساتھ دیں گے، شہریوں کی حفاظت کے لیے جو ضروری ہے ہم سب مل کر کریں گے۔پرنسپل سیکریٹری گورنر سندھ ڈاکٹر سیف الرحمان نے کہا کہ آئی جی ایک درخت ہیں جنہوں نے سی پی کے کو پوری طرح اپنی آغوش میں لیا ہے، تاجر پولیس کا ساتھ دیں اور درخواست پر عمل کریں۔سی ای او انڈس اسپتال ڈاکٹر عبدالباری خان نے کہا کہ 30 فیصد مریض منشیات اور اسٹریٹ کرائم کے سبب لائے جاتے ہیں ریسرچ کے مطابق سرسبز علاقوں میں لڑائی اور جرائم کم ہوتے ہیں، جہاں صفائی ہوگی وہاں بیماریاں کم ہوں گی، انڈس اسپتال کا منصوبہ 5 دوستوں نے شروع کیا۔سی پی کے مراد سوئی نے شروع کیا ہر 600 افراد پر ایک سپاہی ہے، عوام کے بغیر پولیس ناممکن ہے۔سیکرٹری کراچی پریس کلب اسلم خان نے کہا کہ شہر کو محفوظ بنانے کے لیے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، تاجر برادری نے ہمیشہ ساتھ دیا، تاجر برادری پولیس کی مدد فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور ان کے تعاون سے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔آباد کے سینئر وائس چیئرمین دانش بن رؤف نے کہا کہ محنت اتنی خاموشی سے کرو کہ کامیابی شور مچائے، مراد سوئی نے ایسا ہی کام کیا ہے آباد نے کیم اکتوبر کو شہر کو سرسبز بنانے کا پراجیکٹ شروع کیا ہے، ہزار گز کی منظوری پر ایک لاکھ روپے مالیت کے درختوں کے لیے فنڈز لیے جائیں گے، مطلوبہ فنڈ جمع ہونے پر شجر کاری مہم شروع کی جائے گی، ہر فرد ذمہ داری پوری کرے تو شہر بہتر بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

اسٹارٹ اپس کے فروغ کے لیے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں کراچی ایک اہم مقام رکھتا ہے۔اس موقع پر کراچی میں منعقدہ ایک تقریب میں ایکٹیو انویسٹمنٹ نیٹ ورک آف پاکستان (ESUP) کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان میں کاروباری مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔جاوید لغاری نے اپنے خطاب میں مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کی تیزی سے بدلتے ہوئے رجحانات سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تعلیمی اداروں میں تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کے لیے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی شعبے میں موجودہ ضروریات کے مطابق تبدیلیاں لانا وقت کا تقاضا ہے۔نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، کاروباری مہارتوں اور نئے منصوبوں سے آگاہ کرنا ضروری ہے تا کہ وہ ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔اجلاس میں شریک دیگر مقررین نے بھی اس بات پر زور دیا کہ ESUP جیسے پلیٹ فارمز نوجوانوں کو کاروباری مواقع فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے فروغ اور نئے کاروباری منصوبوں کی حوصلہ افزائی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

کا جدید نظام متعارف کرادیا ہے۔چیئرمین سندھ پبلک سروس کمیشن رضوان احمد کی ہدایت پر آئندہ تمام تحریری امتحانات میں الیکٹرانک حاضری اور امیدواروں کی شناخت کی ڈیجیٹل تصدیق لازمی قرار دے دی گئی ہے۔کمیشن کے مطابق نئے نظام کا کامیاب تجربہ حال ہی میں منعقد ہونے والے ریونیو کوالیفائنگ ڈپارٹمنٹل امتحان (RQE) میں کیا گیا، جس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ تمام تحریری (Descriptive) امتحانات میں اس نظام کو نافذ کیا جائے گا۔تاہم کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ (CBT) اس فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گے، کیونکہ ان میں پہلے ہی الیکٹرانک حاضری کا نظام رائج ہے۔نئے نظام کے تحت امتحانی مراکز میں امیدواروں کی حاضری الیکٹرانک طریقے سے ریکارڈ کرنے کے ساتھ ان کی شناخت کی بھی تصدیق کی جائے گی۔اس طرح دستی حاضری کے روایتی طریقہ ؟ کار کی جگہ جدید نظام لے گا، جس سے کسی دوسرے شخص کے امیدوار کی جگہ امتحان دینے کے امکانات کی روک تھام میں مدد ملے گی۔کمیشن کے ترجمان کے مطابق اس اقدام کا بنیادی مقصد اہل اور محنتی امیدواروں کے حقوق کا تحفظ، بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانا اور تمام امیدواروں کو مساوی مواقع فراہم کرنا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور سرکاری بھرتیوں کے عمل پر عوامی اعتماد مستحکم بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال سمیت اصلاحاتی اقدامات جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

کے علاوہ انہیں تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات پیش آنے والی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی ہے، جس میں تین ملزمان کو کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کو لوٹتے اور ان پر تشدد کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ملزمان کھلاڑیوں سے قیمتی سامان اور نقدی چھیننے کے بعد با آسانی فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واردات میں ملوث ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

نوازنے ایڈیشنل ڈائریکٹر کا عہدہ چھوڑ دیا ہے، جبکہ ان کی جگہ ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر امیگریشن شہزادا اکبر کو اضافی چارج سونپ دیا گیا ہے۔وفاقی وزارت داخلہ وانسداد منشیات کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق، پولیس سروس آف پاکستان سے تعلق رکھنے والے گریڈ 18 کے افسر شہزادا اکبر کو این سی سی آئی اے کراچی میں ایڈیشنل ڈائریکٹر (گریڈ 19) کی آسامی کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ شہزادا اکبر یہ ذمہ داریاں تین ماہ تک یا کسی مستقل افسر کی باضابطہ تعیناتی تک انجام دیں گے۔وزارت داخلہ کے مطابق احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

31 ممالک اور خطوں سے تعلق رکھنے والے 1500 سے زائد نمائش کنندگان نے 12 نمائشی ہالز میں اپنے اسٹالز قائم کیے، جہاں موسیقی کے مختلف آلات، جدید ٹیکنالوجی اور صنعت میں ہونے والی تازہ پیش رفت کو اجاگر کیا گیا۔چار روزہ نمائش میں تقریباً ڈیڑھ لاکھ افراد نے شرکت کی، جن میں بین الاقوامی خریدار، ڈسٹری بیوٹرز اور صنعت سے وابستہ پیشہ ور افراد شامل تھے۔نمائش کے دوران مصنوعات کی پیشکش کے ساتھ صنعتی فورمز اور نیٹ ورکنگ سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا گیا، جن کا مقصد معلومات کے تبادلے، کاروباری روابط کے فروغ اور عالمی سطح پر صنعتی تعاون کے مواقع پیدا کرنا تھا۔پاکستان کی جانب سے گولڈ برادرز اور ثناء اللہ پروکارپوریشن نے اپنے موسیقی کے آلات نمائش کے لیے پیش کیے۔پاکستانی کمپنیوں کی شرکت سے ملک کی پیداواری صلاحیتوں کو عالمی شرکاء کے سامنے اجاگر کرنے، نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے اور برآمدات کے فروغ کے امکانات پیدا ہوئے۔نمائش میں پاکستانی کمپنیوں کی شرکت کو موسیقی کے آلات کی عالمی منڈی میں پاکستان کی موجودگی مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔اس شرکت سے مستقبل میں کاروباری تعاون، جدت اور عالمی میوزک انڈسٹری کے ساتھ روابط مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

64.3 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی اور سرمایہ کاروں کے 95 ارب 67 کروڑ 79 لاکھ 86 ہزار 743 روپے ڈوب گئے، پٹرولیم مصنوعات سمیت توانائی کی بڑھتی ہوئی لاگت سے مہنگائی و پیداواری لاگت مزید بڑھنے کے خدشات کے سبب کاروبار کے بیشتر دورانیے میں مندی رہی، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 154.81 پوائنٹس کی کمی سے 166564.07 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 24 ڈالر کے اضافے سے 3 ہزار 896 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی پیر کو فی تولہ سونے کی قیمت 2 ہزار 400 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 12 ہزار 136 روپے اور فی 10 گرام سونے کی قیمت بھی 2 ہزار 058 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 53 ہزار 340 روپے کی سطح پر آگئی۔علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں پیر کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا، کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 03 پیسے کی کمی سے 276 روپے 72 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 22 پیسے کی کمی سے 278 روپے 54 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

جس میں سندھ بھر میں کامیابی کا مجموعی تناسب 95.61 فیصد رہا۔حلیمہ بی بی نے پہلی، محمد زین اللہ خان نے دوسری جبکہ عثمان تسلیم احمد نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ترجمان سندھ ٹیکنیکل بورڈ ذوہیب احمد خان کے مطابق چیئرمین بورڈ مشرف علی راجپوت نے امتحانات میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ترجمان کے مطابق ڈی کام حصہ دوم کے سالانہ امتحانات 2026ء میں سندھ بھر سے مجموعی طور پر 1141 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 1091 امیدوار کامیاب قرار پائے، اس طرح کامیابی کا تناسب 95.61 فیصد رہا۔کراچی ریجن میں 937 امیدواروں نے امتحان دیا، جن میں سے 890 کامیاب ہوئے اور کامیابی کا تناسب 94.98 فیصد رہا، جبکہ سکھر ریجن میں 204 امیدوار امتحان میں شریک ہوئے، جن میں سے 201 امیدوار کامیاب قرار پائے اور کامیابی کا تناسب 98.52 فیصد رہا۔ناظم امتحانات سید اختر علی شاہ کے مطابق پہلی پوزیشن سیٹ نمبر 3038 اور رجسٹریشن نمبر 003-2025-00075 کی حامل حلیمہ بی بی بنت اقبال احمد نے حاصل کی۔انہوں نے 1300 میں سے 1053 نمبر حاصل کرکے اے ون گریڈ میں کامیابی حاصل کی۔ان کا تعلق گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس اینڈ کامرس ایجوکیشن لیاری، کراچی سے ہے۔دوسری پوزیشن محمد زین اللہ خان ولد فرید اللہ خان نے حاصل کی، جنہوں نے سیٹ نمبر 3650 اور رجسٹریشن نمبر 003-2025-00033 کے تحت 1300 میں سے 1026 نمبر حاصل کر کے اے گریڈ میں کامیابی حاصل کی۔ان کا تعلق گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس اینڈ کامرس ایجوکیشن ملیر، کراچی سے ہے۔تیسری پوزیشن عثمان تسلیم احمد ولد تسلیم احمد کے نام رہی۔انہوں نے رول نمبر 3627 اور رجسٹریشن نمبر 003-2025-02004 کے تحت 1300 میں سے 1022 نمبر حاصل کیے۔ان کا تعلق گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر جیکب لائن، کراچی سے ہے۔سندھ ٹیکنیکل بورڈ کے چیئرمین مشرف علی راجپوت نے کامیاب امیدواروں، ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ طلبہ اپنی تعلیمی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بناتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

ناکام بناتے ہوئے تین مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق تینوں مسافر عراق کے ورک ویزوں پر سفر کر رہے تھے، تاہم امیگریشن کلیئرنس کے دوران ان کی دستاویزات مشکوک پائی گئیں۔ترجمان کے مطابق ضلع گجرات کے رہائشی آکاش طارق ولد طارق جاوید، مرزا سلیمان ظفر بیگ ولد ظفر بیگ اور مرزا سفیان مظہر بیگ ولد مظہر اقبال کے پاس 23 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ ای پروٹیکٹر رجسٹریشن سرٹیفکیٹس موجود تھے۔دستاویزات میں ان کی ملازمت بلیو روز کنسٹرکشن، بصرہ میں ورکر کنسٹرکشن ظاہر کی گئی تھی، تاہم تنخواہ، آجر کے فون نمبر اور ای میل کے خانے خالی ہونے کے باعث دستاویزات پر شکوک پیدا ہوئے۔ایف آئی اے کے مطابق مسافروں نے اپنے بیان میں بتایا کہ انہوں نے گجرات کے رہائشی شاہد نامی ایجنٹ سے چار لاکھ روپے کے عوض ای پروٹیکٹر بنوائے تھے، جبکہ ملازمت اور ویزوں کا انتظام ان کے رشتہ داروں یاسر اور یاسین کے ذریعے کیا گیا تھا۔ترجمان کا کہنا ہے کہ ابتدائی جانچ کے دوران عراق کے راستے ممکنہ طور پر غیر قانونی طور پر یورپ جانے کے خدشات بھی سامنے آئے ہیں، جن کی مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے تینوں مسافروں کو آف لوڈ کرنے کے بعد مزید تحقیقات، مبینہ ایجنٹوں کے کردار کی جانچ اور قانونی کارروائی کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل (اے ایچ ٹی سی) کراچی کے حوالے کر دیا ہے۔ایف آئی اے ترجمان کے مطابق کارروائی کا مقصد جعلی سفری دستاویزات کے ذریعے غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام اور بیرون ملک سفر کے لیے دستاویزات کی مؤثر جانچ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

حوالے سے رپورٹ پیش کردی۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ شہری کی بازیابی کے لیے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے دو اجلاس ہوچکے ہیں، تاہم تا حال اس کا سراغ نہیں مل سکا۔پولیس نے عدالت سے جے آئی ٹی کی رپورٹ پیش کرنے کے لیے مہلت طلب کی۔دوسری جانب ناظم آباد سے لاپتا شہری اظہر الدین کے حوالے سے بتایا گیا کہ اسے ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ نے فارن زرایکٹ کے تحت درج مقدمے میں گرفتار کرلیا ہے۔عدالت نے شہری کی گرفتاری سے متعلق معلومات سامنے آنے پر اس کی بازیابی کی درخواست نمٹادی، جبکہ دیگر لاپتا شہریوں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری رکھنے کی ہدایت کی۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ ہر لاپتا شخص ایک انسان ہے اور اس کی معلومات اور تحفظ کے حوالے سے اہل خانہ کو خدشات لاحق ہوتے ہیں۔متعلقہ حکام کی جانب سے سنجیدگی کے ساتھ کوششیں کرنا متاثرہ خاندان کا حق ہے۔عدالت نے امید ظاہر کی کہ پولیس پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھائے گی۔تفتیشی افسر کو رپورٹ پیش کرنے کے لیے مہلت دیتے ہوئے سماعت 10 دسمبر تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

پاکستان میں مقامی سطح پر فنڈز فراہم کرنے والی پہلی ایسی تنظیم ہے جس نے 'چیوننگ اسکالرشپ' کے لیے شراکت داری قائم کی ہے۔اس اقدام کے ذریعے برطانیہ کا اہم ترین بین الاقوامی اسکالرشپ پروگرام اور پاکستان کا نجی شعبہ (پرائیویٹ سیکٹر) ایک ساتھ مل کر پاکستانی رہنماؤں کی اگلی نسل میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔چیوننگ پروگرام 140 سے زائد اداروں کے ساتھ شراکت داری رکھتا ہے، جن میں نجی کمپنیاں، غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs)، غیر ملکی سرکاری محکمے اور برطانوی یونیورسٹیاں شامل ہیں۔چیوننگ-اے بی ایل (ABL) اسکالرشپ کے تحت، 28-2027 سے شروع ہونے والے تین تعلیمی سالوں کے دوران ہر سال دو اسکالرز (طلباء) کو معاونت فراہم کی جائے گی۔یہ طلباء پاکستان کی مستقبل کی ترقی کے لیے اہم مضامین میں تعلیم حاصل کریں گے، جن میں مصنوعی ذہانت، ٹیکنالوجی، سائبر سیکیورٹی، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، معاشیات اور مالیاتی شمولیت شامل ہیں۔برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے عوام ہیں۔یہ شراکت داری مستقبل کے ہونہار رہنماؤں کو برطانیہ کی عالمی معیار کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے اور وہاں سے حاصل کردہ نئے خیالات کو اپنے وطن واپس لانے میں مدد دے گی۔جین میریٹ نے کہا کہ یہ بات خاص طور پر خوش آئند ہے کہ ایک سابق 'چیوننگ اسکالر' اب اگلی نسل کے لیے وہی دروازہ کھول رہے ہیں (جو کبھی ان کے لیے کھلا تھا)۔یہ شراکت داری الائیڈ بینک کے صدر اور سی ای او، ایزید گل کے لیے ایک یادگار موڑ کی حیثیت رکھتی ہے، جنہوں نے خود 2001 میں ایک 'چیوننگ اسکالر' کے طور پر یونیورسٹی آف مانچسٹر سے 'ایم ایس سی بزنس اکنامکس' کی ڈگری حاصل کی تھی۔پچیس سال بعد، وہ اب پاکستانی طلباء کی نئی نسل کے لیے وہی مواقع فراہم کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔الائیڈ بینک لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او، ایزید گل نے کہا کہ اے بی ایل-چیوننگ اسکالرشپ کا مقصد باصلاحیت پاکستانیوں کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور وہاں حاصل کیے گئے تجربات و مشاہدات کو اپنے وطن واپس لانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔اس شراکت داری کے ذریعے، الائیڈ بینک رہنماؤں کی اگلی نسل کو تیار کرنے کے لیے اپنی حمایت کو مزید مستحکم کر رہا ہے۔ہمیں امید ہے کہ یہ تعاون انہیں وہ ضروری علم اور مہارتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا جن کی بدولت وہ ملک کی خدمت کرسکیں گی۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔پولیس کے مطابق اطلاع ملنے پر اہلکار موقع پر پہنچے تو دو افراد بینک کے اندر جبکہ ایک شخص باہر بے ہوشی کی حالت میں موجود تھا۔تینوں کی شناخت 30 سالہ رضا، 42 سالہ سرمت اور 35 سالہ ندیم کے نام سے ہوئی۔ایس ایچ او وقار عظیم کے مطابق متاثرہ افراد میں بینک منیجر، آپریشن منیجر اور کیشیئر شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ بینک کے اندر سے کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں ملی۔بینک کے سیکیورٹی گارڈ نے پولیس کو بتایا کہ گزشتہ چند روز سے جنریٹر کا دھواں بینک کے اندر آ رہا تھا اور وہاں دھوئیں کی بو بھی محسوس کی جا رہی تھی۔ایس ایچ او وقار عظیم کے مطابق وہ خود بھی بینک کے اندر گئے تو انہیں بدبو محسوس ہوئی، جس کی بنا پر شبہ ہے کہ تینوں افراد جنریٹر کے دھوئیں سے متاثر ہو کر بے ہوش ہوئے۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ بے ہوشی کی اصل وجہ کا تعین تفتیش کے بعد ہی ہو سکے گا۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

الٹنے سے خواتین سمیت 6 افراد زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤ?ن کے علاقے پورٹ قاسم وائرلیس گیٹ فیضی پمپ کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار کمسن بچہ جاں بحق ہوگیا جس کی لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال لائی گئی۔ترجمان ایدھی کے مطابق جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت 9 سالہ عزیر ولد ارشاد کے نام سے کی گئی، حادثے کے وقت بچہ اپنے استاد قاری کے ہمراہ مدرسہ جا رہا تھا۔بلدیہ مواچھ گوٹھ میں تیز رفتار رکشہ ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹنے سے 4 خواتین، ایک بچی اور رکشے کا ڈرائیور زخمی ہوگیا، زخمیوں کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔زخمی ہونے والی خواتین اور بچی کی شناخت 45 سالہ سامیہ زوجہ عبداللہ، 50 سالہ عینی زوجہ مصطفیٰ، 17 سالہ نمرہ دختر ایوب، 17 سالہ شاہدہ دختر عبدالجبار اور شاہدہ کی بہن 9 سالہ ساجدہ دختر عبدالجبار کے ناموں سے کی گئی، زخمی ہونے والے رکشہ ڈرائیور کی فوری طور پر شناخت نہیں کی جاسکی۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

میں گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر مسروقہ سامان بھی برآمد ہوا ہے۔تفصیلات کے مطابق منگھوپیر پولیس اور شاہین فورس نے پیر اور منگل کی درمیانی شب نورانی ہوٹل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جس کی شناخت 24 سالہ سعد رحمان ولد محمد شرین خان کے نام سے ہوئی۔خواجہ اجمیر نگری پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر A-2/1 میں مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان مرلین بٹ ولد خلیل احمد بٹ اور حمزہ ولد خلیل اقبال کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے دو پستول، گولیاں، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ملیر سٹی پولیس نے باون شاہ مزار، رائل سوسائٹی کے قریب مبینہ مقابلے میں ایک ملزم کو ہلاک جبکہ دوسرے کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ہلاک ملزم کی لاش اور زخمی ملزم کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔کراچی پولیس کے ترجمان کے مطابق ہلاک ہونے والے 34 سالہ ملزم کے پاس سے شناخت کے حوالے سے کوئی دستاویز یا چیز نہیں ملی، جبکہ زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت 28 سالہ خادم حسین ولد حسین کے نام سے ہوئی۔فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس نے شہید ملت سروس روڈ جھیل پارک کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جس کی شناخت حبیب رحیم شاہ عرف راکٹ ولد جوہر شاہ کے نام سے کی گئی۔پولیس کے مطابق ملزم کا تعلق لیاری گینگ وار کے پی آئی پی کمانڈر احمد علی مگسی کے گروہ سے ہے، جو شہر میں بھتہ خوری سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث ہے۔پیرا?باد پولیس نے بنارس پل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 24 سالہ ایاز اللہ کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔اسی طرح مومن آباد پولیس نے اورنگی ٹاؤن سیکٹر E/11 میں آفتاب گراؤنڈ کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 23 سالہ عبداللہ ولد عبدالستار کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا گیا، جبکہ واقعات سے متعلق مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

کے حصول اور استعمال کا جامع منصوبہ سرفہرست تھا۔منگل کے روز وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ اور محکموں کے سینئر افسران نے شرکت کی۔عام شہریوں کے لیے آٹے کی قیمت میں فی کلوگرام 15 روپے کی کمی کے اقدام کے تحت وزیراعلیٰ نے محکمہ خوراک کی جانب سے سرکاری گندم کے ذخیرے کی اجرا قیمت 5 ہزار روپے سے کم کر کے 4 ہزار 500 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کرنے کی تجویز منظور کرلی۔اس اقدام سے سندھ میں گندم کی قیمتیں دیگر صوبوں کے نرخوں کے مطابق ہوجائیں گی۔یہ فیصلہ مارکیٹ میں قیمتوں میں حالیہ کمی کے بعد کیا گیا ہے، تا کہ فلور ملز کو صارفین تک اس ریلیف کا فائدہ پہنچانے میں سہولت فراہم کی جاسکے۔محکمہ خوراک نے کابینہ کو بتایا کہ فلور ملز اور آٹا چکیوں کو فراہمی کے لیے سرکاری گندم کے ذخیرے کی موجودہ اجرا قیمت سندھ کابینہ کی منظوری سے 5 ہزار روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی گئی تھی، جو فی 100 کلوگرام 12 ہزار 500 روپے کے برابر ہے۔محکمہ خوراک کے مطابق صوبائی حکومت کے پاس گندم کا مجموعی ذخیرہ 87 لاکھ 19 ہزار 863 بوریاں ہے، جس میں گزشتہ سال کے باقی ماندہ ذخیرے کی 19 لاکھ 31 ہزار 860 بوریاں، 2026 میں خریدی گئی 15 لاکھ 58 ہزار 3 بوریاں، پاسکو کی 22 لاکھ 30 ہزار بوریاں اور درآمد شدہ گندم کی 30 لاکھ بوریاں شامل ہیں۔کابینہ نے 27-2026 کے گنے کے کرشنگ سیزن کے آغاز کے لیے 15 نومبر کی تاریخ مقرر کردی۔تاریخ کے تعین کے باوجود وزیراعلیٰ نے محکمہ زراعت، سپلائی اینڈ پرائسز کو ہدایت کی کہ آئندہ فصل کی کم از کم امدادی قیمت کو حتمی شکل دینے سے قبل متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مزید مشاورت کی جائے۔کابینہ نے ضلع ملیر کے دیہہ بکران اور پری میں سرکاری زمین کے ایک ہزار 275 ایکڑ رقبے پر صنعتی پارک کے قیام کے لیے کارروائی کی منظوری دے دی۔اس فیصلے کا مقصد پاکستان اسٹیل ملز (پی ایس ایم) سے منسلک زمین کو حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) کی بنیاد پر استعمال کرتے ہوئے صوبے میں صنعتی ترقی کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

دوران 8 ارب 56 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں، غیر قانونی ادائیگیوں اور سرکاری فنڈز کے غلط استعمال کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔چالان کے مطابق ملزمان نے عالمی بینک کے مالی تعاون سے جاری منصوبوں میں طے شدہ طریقہ کار کو نظرانداز کیا اور ٹھیکیداروں کو اربوں روپے کی پیشگی ادائیگیاں کیں۔ٹھیکیداروں کو مجموعی طور پر 8 ارب 56 کروڑ 77 لاکھ 74 ہزار 416 روپے ایڈوانس ادا کیے گئے۔اینٹی کرپشن کے چالان میں سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد عباسی، ڈائریکٹر ٹیکنیکل طٰہٰ عزیز سید، ڈپٹی ڈائریکٹر پروکیورمنٹ سلیم حسین بھایو اور سابق ڈائریکٹر پروکیورمنٹ جہان داس کو ملزم نامزد کیا گیا ہے۔چالان میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ ملزمان نے عالمی بینک کے خریداری کے طریقہ کار اور تعمیراتی معاہدوں کی شرائط کی خلاف ورزی کی۔منصوبوں کی فزیکل پیش رفت کے مقابلے میں مالی ادائیگیاں زیادہ کی گئیں اور ٹھیکیداروں کو قواعد و ضوابط کے برخلاف پیشگی رقوم جاری کی گئیں۔سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد عباسی پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال، سابق ڈائریکٹر پروکیورمنٹ جہان داس پر معاہدوں اور پروکیورمنٹ قواعد کی خلاف ورزی جبکہ ڈائریکٹر ٹیکنیکل طٰہٰ عزیز سید اور ڈپٹی ڈائریکٹر پروکیورمنٹ سلیم حسین بھایو پر ادائیگیوں میں مبینہ معاونت کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔عدالت نے چالان کی روشنی میں سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد عباسی سمیت دیگر نامزد ملزمان کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1604 روپے رہی۔رپورٹ کے مطابق اس سے گزشتہ ہفتے شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط قیمت 1611 روپے ریکارڈ کی گئی تھی، اس طرح قیمت میں 7 روپے فی بوری کی کمی ہوئی۔دوسری جانب جنوبی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1572 روپے ریکارڈ کی گئی، جو گزشتہ ہفتے کی 1571 روپے کی قیمت کے مقابلے میں ایک روپے زیادہ ہے۔رپورٹ میں جنوبی علاقوں میں قیمتوں کا اضافہ 0.03 فیصد بتایا گیا ہے۔اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط قیمت 1545 روپے، راولپنڈی میں 1518 روپے، گوجرانوالہ میں 1650 روپے، سیالکوٹ میں 1630 روپے، لاہور اور فیصل آباد میں 1600 روپے فی بوری ریکارڈ کی گئی۔اسی طرح سرگودھا میں سیمنٹ کی فی بوری قیمت 1618 روپے، ملتان میں 1657 روپے، بہاولپور میں 1600 روپے، پشاور میں 1611 روپے جبکہ بنوں میں 1500 روپے رہی۔جنوبی علاقوں کے اعداد و شمار کے مطابق کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1481 روپے، حیدرآباد میں 1565 روپے، سکھر میں 1650 روپے، لاڑکانہ میں 1523 روپے، کوئٹہ میں 1560 روپے اور خضدار میں 1650 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

ہوئے پولیس کو متاثرہ خاتون کو مکمل انصاف فراہم کرنے کی ہدایت کردی ہے۔صوبائی وزیر نے ہدایت کی ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ان کا کہنا تھا کہ خواتین پر تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں اور متاثرہ خاتون کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔شاہینہ شیر علی کی ہدایت پر محکمہ ترقی نسواں کے شکایتی سیل کی انچارج نے بھی متاثرہ خاتون سے رابطہ کیا اور صوبائی وزیر کی جانب سے ہر ممکن قانونی مدد اور تحفظ فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔وائرل ویڈیو میں مبینہ طور پر شوہر اور دیوروں کو خاتون کو گھر سے بے دخل کرنے کے لیے تشدد کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔واضح رہے کہ واقعے کی ویڈیو سامنے آنے پر وزیراعلیٰ سندھ نے بھی آئی جی سندھ کو ملزمان کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایت کی تھی، جس کے بعد تھانہ بی سیکشن پولیس نے متاثرہ خاتون کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

کولا ہور میں متعارف کرایا جانے والا یہ پروگرام پیداواری صلاحیت میں اضافے، نجی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے ایسی سرمایہ کاری ضروری ہے جو صنعتوں کی مسابقت بہتر بنانے کے ساتھ زرمبادلہ کمانے کی صلاحیت میں اضافہ کرے۔میاں زاہد حسین کے مطابق پنجاب حکومت نے 2026 سے 2029ء تک کے پروگرام میں تقریباً 1,995 ارب روپے کی مجموعی سرمایہ کاری کا تصور پیش کیا ہے، جس میں 1,089 ارب روپے سرکاری سرمایہ کاری جبکہ 906 ارب روپے نجی شعبے سے متوقع ہیں۔انہوں نے کہا کہ نجی سرمایہ کاری کے اہداف کا حصول پالیسیوں کے تسلسل، بروقت منظوریوں، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد سے مشروط ہے۔سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال سے صنعتی سرگرمیوں میں وسعت اور نجی سرمائے کے لیے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔انہوں نے صنعتی شعبے کے لیے 753.7 ارب روپے اور صنعتی منصوبوں کے لیے صفر سے 5 فیصد شرح پر 300 ارب روپے کی رعایتی فنانسنگ کے اعلان کو بھی اہم قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ کم لاگت پر سرمایہ دستیاب ہونے سے کاروباری ادارے جدید مشینری حاصل، پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور برآمدی آرڈرز کی بروقت تکمیل کرسکیں گے۔میاں زاہد حسین نے تجویز دی کہ اسٹریٹجک ٹریڈ انہانسمنٹ پروگرام (اسٹیپ) کے تحت قرضوں کی اہلیت، شرح سود، قرض کی حد، ضمانتوں، واپسی کی مدت اور درخواستوں کی منظوری کے طریقہ کار کو واضح کیا جائے۔اسٹیپ پورٹل کے ذریعے درخواستوں کی وصولی، منظوری اور قرضوں کے حقیقی اجرا کی پیش رفت بھی آن لائن کی جائے، جبکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کی ان سہولتوں تک رسائی یقینی بنائی جائے تا کہ صنعتی ترقی کے ثمرات زیادہ سے زیادہ کاروباروں تک پہنچ سکیں۔انہوں نے کہا کہ سولر انرجی اور بیٹری اسٹوریج کے لیے 50 ارب روپے جبکہ مشینری پر ادا کردہ ڈیوٹی کی واپسی کے لیے مزید 50 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان پیداواری لاگت کم کرنے اور صنعتوں کو جدید بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

دوران ایک بار پھر غیر متعلقہ ملازمین کو یونین کونسل مینجمنٹ آفیسر (یوسی ایم او) تعینات کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، حالانکہ اس نوعیت کی تعیناتیوں کی نشاندہی گزشتہ مہم کے دوران بھی کی گئی تھی، تاہم اب تک کوئی مؤثر کارروائی سامنے نہیں آسکی۔ذرائع کے مطابق ضلع وسطی میں جاری نئی پولیو مہم کے دوران مالی، ڈرائیور، چوکیدار اور نائب قاصد سمیت دیگر غیر متعلقہ ملازمین کو یوسی ایم او کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ستمبر 2024 میں جاری پالیسی کے تحت نائب قاصد، کلرک، ڈرائیور، چوکیدار، مالی اور وارڈ سرونٹ سمیت دیگر غیر متعلقہ ملازمین کی یوسی ایم او تعیناتی پر پابندی عائد ہے، اس کے باوجود مبینہ طور پر اسی نوعیت کی تعیناتیاں دوبارہ کردی گئی ہیں۔دوسری جانب ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ضلع وسطی ڈاکٹر عدنان خان نے ان تعیناتیوں کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعینات کیے گئے ملازم تعلیم یافتہ ہیں اور 2013 سے پولیو پروگرام میں کام کررہے ہیں۔ان کے مطابق یہ ملازمین پولیو مہم کے معاملات کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں، جبکہ ڈرائیور، چوکیدار اور نائب قاصد سے کام لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔غیر متعلقہ ملازمین کی تعیناتی کے معاملے نے پولیو مہم کے انتظامی طریقہ کار اور مقررہ پالیسی پر عمل درآمد کے حوالے سے سوالات کھڑے کردیے ہیں۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

کیش کاؤنٹر پر موجود خاتون سے بات چیت کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ملزم نے خاتون سے نوٹوں کی گڈی لی اور گننے کے بہانے انتہائی مہارت سے اس میں سے 41 ہزار روپے نکال لیے، جس کے بعد وہ وہاں سے روانہ ہوگیا۔خاتون کیشیئر کو رقم کم ہونے کا احساس ہوا تو اس نے شور مچایا، تاہم اس وقت تک ملزم نقدی لے کر فرار ہوچکا تھا۔بینک انتظامیہ نے پولیس کو درخواست جمع کرادی ہے، جس میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے گرفتار کرنے اور رقم برآمد کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔پولیس حکام کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کی شناخت اور گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔واضح رہے کہ ابتدائی اطلاعات میں واقعے کو خاتون کیشیئر کو بیناٹائز کرنے کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے، تاہم اس حوالے سے کسی سائنسی یا تفتیشی تصدیق کی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

نمائندوں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔اجلاس کا مقصد پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانا تھا۔تقریب میں ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے استقبالیہ کلمات ادا کیے؛ جبکہ ایف پی سی سی آئی کی کمیٹی برائے سفارتکاری کے چیئرمین حنیف گوہر نے کلیدی خطاب کیا۔وزارت خارجہ (MOFA) کے ڈائریکٹر جنرل عرفان سومرو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔آسیان کے سفارتی وفد کی قیادت فلپائن کے سفیر اور اسلام آباد میں آسیان کمیٹی (AC) کے چیئرمین ڈاکٹر Emmanuel R. Fernandez نے کی۔وفد میں انڈونیشیا، تھائی لینڈ اور میانمار کے سفراء، ملائیشیا کے ہائی کمشنر اور برونائی دارالسلام کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن بھی شامل تھے۔فلپائن کے اعزازی قونصل جنرل کراچی ڈاکٹر عمران یوسف نے تقریب کی مشترکہ میزبانی کی۔اپنے استقبالیہ خطاب میں سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے آسیان کی معاشی قوت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ خطہ تقریباً 68 کروڑ آبادی اور 4 ٹریلین ڈالر سے زائد کی مجموعی قومی پیداوار (GDP) کا حامل ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

گئی توسیع شدہ مہلت کے باوجود انٹرا پارٹی انتخابات کرانے کی قانونی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہی ہے۔کمیشن کا کہنا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت سیاسی جماعتوں کے لیے اپنے عہدیداروں کا باقاعدہ انتخاب اور انٹرا پارٹی انتخابات کرانا لازمی ہے۔قانون کے مطابق انتخابات کے انعقاد کے بعد سات روز کے اندر انتخابی سرٹیفکیٹ بھی الیکشن کمیشن میں جمع کرانا ضروری ہے۔شوکاز نوٹس میں ایم کیو ایم پاکستان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 14 روز کے اندر اپنا جواب جمع کرائے۔الیکشن کمیشن نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ مدت میں تسلی بخش جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جاسکتی ہے۔نوٹس میں یہ بھی متنبہ کیا گیا ہے کہ انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے کی صورت میں ایم کیو ایم پاکستان آئندہ عام انتخابات میں انتخابی نشان حاصل کرنے کی اہلیت سے محروم ہوسکتی ہے اور اس کا انتخابی نشان روکا جاسکتا ہے۔الیکشن کمیشن نے یہ شوکاز نوٹس 26 اکتوبر 2026 کو جاری کیا تھا۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

درخواستیں مسترد کردیں۔ضمانت مسترد ہونے کے بعد تینوں ملزمان شان، مہناز اور شہناز عدالت سے فرار ہوگئے۔سماعت کے دوران مدعیہ زارا کے وکیل لیاقت علی خان گبول نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمان نے مدعیہ کے پڑوسی کے گھر جانے پر الزام تراشی کرتے ہوئے اسے تشدد کا نشانہ بنایا، زخمی کیا اور اس کے کپڑے پھاڑ دیے۔تینوں ملزمان مقدمے میں نامزد ہیں جبکہ واقعے کی ویڈیو پولیس اور پراسیکیوشن کے پاس موجود ہے۔وکیل کے مطابق تشدد کے نتیجے میں مدعیہ کے چہرے، گردن اور جسم کے دیگر حصوں پر زخم آئے جبکہ اسے اندرونی چوٹیں بھی پہنچیں۔ملزمان مدعیہ، اس کے شوہر، گواہان اور سسر کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، لہٰذا ان کی ضمانت مسترد کی جائے۔عدالت کو بتایا گیا کہ مقدمے کی تفتیش جاری ہے، تاہم پولیس نے تا حال چالان جمع نہیں کرایا۔فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے ملزمان شان، مہناز اور شہناز کی ضمانت قبل از گرفتاری مسترد کردی، جس کے بعد تینوں ملزمان عدالت سے فرار ہوگئے۔استغاثہ کے مطابق مدعیہ نے اپنے دیور شان اور نندوں مہناز اور شہناز کے خلاف تھانہ زمان ٹاؤن میں مقدمہ درج کرایا تھا۔ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر رکھی تھی۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

میں ملزم سید رضوان علی کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل لیاقت علی خان گبول نے مؤقف اختیار کیا کہ ان کا موکل بے گناہ ہے اور مدعی اپنی گاڑیاں ملزم سے واپس لے چکا ہے، تاہم اس کے باوجود مدعی نے ملزم کو چیک واپس نہیں کیے۔وکیل نے عدالت کو بتایا کہ مدعی نے ملزم کے خلاف دو مقدمات درج کرائے ہیں اور ان مقدمات کے ذریعے اسے بلیک میل کیا جا رہا ہے، جبکہ ملزم کے ذمے کوئی رقم واجب الادا نہیں ہے۔انہوں نے استدعا کی کہ مقدمہ مزید انکوائری کا متقاضی ہے اور ملزم ضمانت کا حقدار ہے۔پولیس کے مطابق ملزم نے مدعی سے دو گاڑیاں خریدی تھیں اور اس کے عوض کچھ رقم کے چیک دیے تھے، جن میں سے ایک 10 لاکھ روپے کا چیک باؤنس ہوگیا تھا۔واضح رہے کہ ملزم کی درخواست ضمانت اس سے قبل ایڈیشنل سیشن جج جنوبی کی عدالت سے مسترد ہوگئی تھی، جس کے بعد اس نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔عدالت نے دلائل سننے کے بعد درخواست ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

گیا۔تفصیلات کے مطابق منگل کی صبح تقریباً ساڑھے 7 بجے محمد خلیل ولد محمد افضل خان اپنے والد افضل خان سرائیکی اور چچا منظور حسین سرائیکی کے ہمراہ رکشے میں روزی گوٹھ، سارہ بی بی کے گلشن معمار کی جانب جارہا تھا۔مقتول کے والد اور چچا پیشے کے اعتبار سے مستری ہیں اور مزدوری کے لیے جا رہے تھے۔ایس ایچ او سرجانی ٹاؤن انسپکٹر ناصر محمود کے مطابق میمن سوسائٹی کے قریب ندی کے پاس موٹر سائیکل سوار دو نوجوانوں نے رکشے کو روکا اور نامعلوم رنجش کی بنا پر محمد خلیل کے ماتھے پر گولی ماردی، جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔مقتول کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کردی گئی۔پولیس نے جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کا ایک خول تحویل میں لے لیا، جبکہ کرائم سین یونٹ نے شواہد اکٹھے کیے ہیں۔پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تفتیش اور قانونی کارروائی جاری ہے۔دوسری جانب مقتول کے والد نے بتایا کہ وہ اپنے بھائی اور بیٹے کے ہمراہ رکشے میں مزدوری کے لیے نکل رہے تھے کہ دو موٹرسائیکل سوار افراد نے انہیں رکنے کا اشارہ کیا اور نہ رکنے پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ان کا بیٹا جاں بحق ہوگیا۔ان کا کہنا تھا کہ ان کی کسی سے کوئی دشمنی نہیں اور سرجانی ٹاؤن میں ڈکیتی کی وارداتیں معمول بنتی جارہی ہیں۔مقتول کے کزن سلیم کے مطابق محمد خلیل شادی شدہ اور دو بچوں کا باپ تھا۔اس کی تدفین آبائی علاقے مظفرگڑھ میں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

بدین قمر رضا جسکانی نے انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ماتلی کا دورہ کر کے حیدرآباد بس اسٹاپ سمیت مختلف ٹرانزٹ اور فکسڈ پوائنٹس پر پولیو ویکسینیشن اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر دونوں افسران نے پولیو ٹیموں کی موجودگی، پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے اور مسافروں کو ویکسین فراہم کرنے کے عمل کا معائنہ کیا۔انہوں نے پولیو ورکرز سے مہم کی پیش رفت اور دوران مہم درپیش مسائل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ڈپٹی کمشنر بدین ڈاکٹر زارا زاہد اور ایس ایس پی قمر رضا جسکانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔اس موقع پر ایس ایس پی بدین نے پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں کو مستعدی اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ہدایت کرتے ہوئے ٹرانزٹ پوائنٹس پر سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات برقرار رکھنے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

کیے جائیں گے، جن میں سے 75 فیصد حصص آئی پی او کے لیے 5 روپے کے حساب سے جبکہ باقی 15 فیصد حصص کی قیمت 22.50 روپے رکھی گئی ہے۔بک بلڈنگ کے لیے فلور پرائس 15 روپے فی شیئر مقرر کی گئی ہے۔مجموعی طور پر 13 ارب روپے کا سرمایہ حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔بینک کی جانب سے بتایا گیا کہ 2026 میں منافع میں اضافہ متوقع ہے۔بینک کے مالی سال 2026 کی دوسری ششماہی میں بینک کو تقریباً 1.5 ارب روپے منافع متوقع ہے، جس سے پورے سال کا متوقع منافع تقریباً 3 ارب روپے تک پہنچ جائے گا۔بینک انتظامیہ نے امید ظاہر کی ہے کہ سال 2027 میں کاروباری حجم میں مزید بہتری ہوگی اور منافع میں اضافے کا عمل جاری رہے گا۔ابھی مائیکروفنانس بینک پاکستان کے 108 سے زائد شہروں میں 114 سے زائد برانچوں کے علاوہ ڈیجیٹل بینکنگ اور موبائل پلیٹ فارم کے ذریعے ملک بھر میں مالیاتی خدمات فراہم کرتا ہے۔ابھی مائیکروفنانس بینک چھوٹے کاروباروں، مائیکرو فنانس اور انفرادی قرضوں کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

بھرپور معاونت کرے گا اور تاجروں کے کاروبار اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح رہے گا۔فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ آئی الیون ون کے ایک مشترکہ وفد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مارکیٹ کے نمائندوں کے اتحاد، عزم اور محنت کو سراہا اور کہا کہ اسلام آباد سمیت ملحقہ علاقوں میں تازہ پھلوں اور سبزیوں کی بلاتعطل فراہمی میں اس مارکیٹ کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے مارکیٹ کے مسائل پر مناسب توجہ نہ دینے پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس، فٹ پاتھ، مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے اور بالخصوص تجاوزات جیسے مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے مارکیٹ کی مجوزہ منتقلی سے متعلق تاجروں کے تحفظات کو بھی اہم قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ اس مارکیٹ سے وابستہ سینکڑوں کاروباروں اور ہزاروں افراد کے روزگار کو ہر صورت تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔چیمبر ان تمام معاملات کو متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائے گا اور ان کے جلد حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گا۔پاکستان کے زرعی شعبے کی برآمدی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستانی پھلوں اور سبزیوں، بالخصوص کینو، کی عالمی منڈیوں میں نمایاں مانگ موجود ہے، جبکہ روس سمیت متعدد بین الاقوامی منڈیاں پاکستانی زرعی مصنوعات کے لیے اہم مواقع فراہم کرسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

کے امکانات کی نشاندہی بھی کی ہے۔انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اناج کو ذخیرہ کرنے اور کی مؤثر سہولتیں نہ ہونے اور فصلوں کی کٹائی کے بعد مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث اناج کی پیداوار کا تقریباً 10 سے 20 فیصد اور باغبانی کی پیداوار کا 35 سے 40 فیصد ضائع ہو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ارجنٹائن دنیا کے نمایاں غذائی اجناس برآمد کرنے والے ملکوں میں شمار ہوتا ہے اور اسے زرعی مشینری اور جدید طریقوں سے ذخیرہ کرنے کے علاوہ سائلو بیگز اور میٹالک سائلوز میں خاصی مہارت حاصل ہے جنہیں پاکستان میں مؤثر انداز میں متعارف کرایا اور فروغ دیا جاسکتا ہے۔انہوں نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ارجنٹائن پاکستان کی زرعی سپلائی چین کو مضبوط بنانے، زرعی پیداوار کا ضیاع کم کرنے اور اس کی قدر میں اضافے کے لیے اہم کردار ادا کرسکتا ہے چونکہ پاکستان بڑے پیمانے پر زرعی اجناس ذخیرہ کرنے کے منصوبوں پر توجہ دے رہا ہے لہٰذا اس اہم شعبے میں تعاون، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور باہمی طور پر فائدہ مند سرمایہ کاری کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ارجنٹائن کے سفیر نے ڈیری صنعت میں بھی تعاون کے نمایاں امکانات کی نشاندہی کی جبکہ ارجنٹائن کی جدید فارماسیوٹیکل صلاحیتوں بالخصوص کینسر کے علاج میں استعمال ہونے والی آنکولوجی مصنوعات کی تیاری میں مہارت کو بھی اجاگر کیا۔انہوں نے نجی شعبے کی شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ارجنٹائن کا سفارتخانہ دونوں ملکوں کی کمپنیوں کے درمیان کاروباری روابط کو آسان بنانے اور انہیں قابل اعتماد تجارتی شراکت دار تلاش کرنے میں مدد دینے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

شمشاد سے ملاقات کی۔آباد کے وفد میں سینئر وائس چیئرمین دانش بن رؤف اور وائس چیئرمین سید خورشید عالم شامل تھے۔چیئرمین آباد محمد حنیف گوہر نے کہا کہ سرکاری دستاویزات کا غائب ہونا ایک سنجیدہ معاملہ ہے، جس سے تعمیراتی منصوبوں اور متعلقہ افراد کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔لہٰذا ان فائلوں کی گمشدگی کے ذمہ داروں کا تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تا کہ مستقبل میں اس قسم کے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔محمد حنیف گوہر نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی شعبے کو درپیش دفتری رکاوٹوں کا خاتمہ کیا جائے اور بلڈنگ پلانز سمیت مختلف تعمیراتی منصوبوں کی منظوری کے عمل کو تیز، شفاف اور مؤثر بنایا جائے تا کہ بلڈرز اور ڈیولپرز کو غیر ضروری تاخیر اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس موقع پر آباد کے وفد نے ڈی جی ایس بی سی اے سے ہائٹ کلیئرنس کے این او سیز کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔آباد نے مطالبہ کیا کہ ہائٹ کلیئرنس این او سیز کے لیے آن لائن درخواست جمع کرانے اور درخواستوں کی پیش رفت معلوم کرنے کے لیے باقاعدہ ٹریکنگ سسٹم متعارف کرایا جائے، جس سے درخواست گزاروں کو دفاتر کے بار بار چکر لگانے سے نجات ملے گی اور منظوریوں کے عمل میں شفافیت بھی یقینی بنائی جاسکے گی چیئرمین آباد نے مزید تجویز دی کہ بلڈنگ پلانز کی منظوری سے متعلق معاملات کے لیے ایس بی سی اے میں ایک فوکل پرسن مقرر کیا جائے، جو آباد کے ممبران کے سوالات، شکایات اور رہنمائی کی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھے۔فوکل پرسن کی تعیناتی سے بلڈنگ پلانز کی منظوری کے مراحل میں درپیش مسائل کی نشاندہی اور ان کے فوری حل میں مدد ملے گی۔آباد کے وفد نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایس بی سی اے انتظامیہ پیش کردہ تجاویز اور مطالبات پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے تعمیراتی شعبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدام کرے گی تا کہ کراچی میں تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

میں REAP کے وفد نے سندھ ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر مظہر دین کیریو اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔اجلاس میں فیصل انیس مجید، چیئرمین REAP وخزانچی KWGA، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین محمد کاظم کھانڈا والا، عبدالواحد میانور، اشوک کمار ایسارانی، تحقیقاتی ادارے کے افسران اور REAP کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔اجلاس میں زرعی تحقیق، جدت اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ میں تحقیقاتی اداروں کے کردار پر خصوصی گفتگو ہوئی۔شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ چاول کی پیداوار بڑھانے، فصل کے معیار کو بہتر بنانے اور پاکستانی چاول کو عالمی منڈی میں زیادہ مسابقتی بنانے کے لیے تحقیق پر مبنی اقدامات ناگزیر ہیں۔ڈاکٹر مظہر دین کیریو اور ان کی ٹیم نے چاول کے شعبے کو مستحکم بنانے کے لیے مختلف اقدامات آگے بڑھانے اور REAP کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔دورے کے اگلے مرحلے میں وفد نے رائس ریسرچ سینٹر ڈوکری کا دورہ کیا، جہاں چاول کی کاشت، فصل کی نشوونما اور مختلف اقسام کے بارے میں براہ راست معلومات حاصل کرنے کے لیے فیلڈ وزٹ کیا گیا۔مرکز کے ڈائریکٹر شیخ محمد نعیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ وفد کا استقبال کیا اور چاول کی مختلف اقسام، کاشتکاری کے طریقوں اور جاری تحقیقی سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔وفد کو فائٹوٹران ٹنل کا بھی دورہ کرایا گیا، جہاں کنٹرول شدہ ماحولیاتی حالات میں چاول کی مختلف اقسام کی تیاری اور جانچ کے لیے جاری تحقیقی کام سے آگاہ کیا گیا۔وفد نے اس دورے کو زرعی تحقیق، جدید کاشتکاری اور سائنسی جدت کے ذریعے چاول کی پیداوار، معیار اور برآمدی صلاحیت بہتر بنانے کے حوالے سے مفید قرار دیا۔لاڑکانہ میں REAP کے وفد نے لاڑکانہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران سے ملاقات کی۔اجلاس میں چاول کی برآمدات، صنعت کی مجموعی ترقی اور برآمد کنندگان کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے REAP اور لاڑکانہ کی کاروباری برادری کے درمیان ادارہ جاتی روابط اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا۔چیمبر کے عہدیداران نے REAP کے ساتھ تعاون اور حمایت جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر لاڑکانہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر محمد علی شیخ نے وفد کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام بھی کیا۔اظہار تشکر اور نیک تمناؤں کے طور پر چیئرمین REAP محمد رضا اور فیصل انیس مجید، چیئرمین REAP وخزانچی KWGA کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔یہ دورہ زرعی تحقیقی اداروں، سرکاری محکموں اور کاروباری حلقوں کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے کے لیے REAP کے عزم کا عکاس ہے۔ایسوسی ایشن کے مطابق ایسے روابط کے ذریعے تحقیق اور جدت کو فروغ دینے، جدید زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرنے، چاول کے برآمد کنندگان کے مسائل کے حل اور پاکستانی چاول کی صنعت کی پائیدار ترقی و برآمدات میں اضافے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

مستقبل اور معیاری تعلیم کے مواقع ملنے چاہئیں۔محمد یوسف نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنی چوتھی ورلڈ میجر میراتھن مکمل کی، جبکہ مونا خان نے اپنی پانچویں ورلڈ میجر میراتھن کامیابی سے مکمل کر کے فائیو اسٹار میجرز رنر بننے کا اعزاز حاصل کیا۔مونا خان کی یہ کارکردگی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔جسمانی تکالیف اور مشکلات کے باوجود انہوں نے اپنے عزم، حوصلے اور مستقل مزاجی سے میراتھن مکمل کی۔وہ پاکستانی خواتین کے لیے ہمت، خوداعتمادی اور استقامت کی ایک قابل تقلید مثال ہیں۔محمد یوسف کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے۔وہ پاکستانی انٹرنیشنل میراتھن رنر اور دو مرتبہ گنیز ورلڈ ریکارڈ ہولڈر ہیں۔وہ بین الاقوامی سطح پر مختلف ممالک میں پاکستان اور کشمیر کی نمائندگی کر چکے ہیں اور نوجوانوں میں رنگ اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بھی کام کر رہے ہیں۔اس سال نیویارک میراتھن 2026 میں مجموعی طور پر 30 پاکستانی رنرز نے شرکت کی، جن میں پاکستان سے آنے والے 12 جبکہ بیرون ملک مقیم 18 پاکستانی شامل تھے۔محمد یوسف اور مونا خان نے اپنی اس شرکت کے ذریعے یہ پیغام دیا کہ میراتھن صرف ایک کھیل نہیں بلکہ انسانی خدمت، صحت، تعلیم اور معاشرتی تبدیلی کا ایک مؤثر ذریعہ بھی ہے۔یہ صرف 42.195 کلومیٹر کا سفر نہیں تھا، بلکہ پاکستان کے لیے ایک پیغام تھا: پولیو سے پاک پاکستان، تعلیم یافتہ پاکستان اور صحت مند پاکستان۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے شہروں کی حالت دیکھ کر دکھ ہوتا ہے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انتظامی مسائل کے حل کے لیے نئے انتظامی یونٹس کا قیام ضروری ہے۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے میری پہچان پاکستان کے تحت حیدرآباد، ٹنڈو الہ یار، ٹنڈو جام اور میر پورخاص کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تنظیمی کارکنوں، عہدیداروں اور مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر مرکزی کمیٹی کے رکن محمد پناہ پنہیار نے انہیں تنظیمی سرگرمیوں، مقامی صورتحال اور عوام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ حیدرآباد میں کوہسار میڈیکل کالج وفاقی حکومت سے منظور کرایا گیا ان کا ایک اہم منصوبہ تھا، جس کا مقصد اندرون سندھ کے نوجوانوں کو طبی تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنا اور علاقے میں صحت کی سہولیات کو فروغ دینا تھا، لیکن افسوس کہ یہ منصوبہ سرخ فیتے کی نذر ہوگیا۔ایسے منصوبوں کو تاخیر کا شکار کرنے کے بجائے عملی طور پر مکمل کیا جانا چاہیے تا کہ عوام ان سے مستفید ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد، میر پورخاص، ٹنڈو الہ یار اور ٹنڈو جام سمیت سندھ کے مختلف شہروں کو صحت، تعلیم، صاف پانی، نکاسی آب، روزگار اور بہتر انفراسٹرکچر کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

سے حل کرنے پر اتفاق کیا ہے۔اس سلسلے میں پی سی ڈی ایم اے کے چیئرمین محمد سلیم مکاتی کی سربراہی میں وفد نے کسٹمز ہاؤس کراچی میں چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ (ساؤتھ) واجد علی سے ملاقات کی۔اجلاس میں آئی سی آئی ایس اسکین کے مہنگے اخراجات، ڈی پی ایل کی رعایت، سیلف کلیئرنس کی سہولت اور کسٹمز ویلیوایشن رولنگ سمیت اہم معاملات پر مثبت پیشرفت ہوئی۔وفد میں ممبر منیجنگ کمیٹی مصطفیٰ اسعد، عرفان اصغر، سابق چیئرمین عارف الاکھانی، سابق ممبر منیجنگ کمیٹی عمیر انوار اور یحییٰ ارشد بھی شامل تھے۔پی سی ڈی ایم اے وفد نے بتایا کہ آئی سی آئی ایس اسکین سروس کے سالانہ اخراجات تقریباً 15 سے 20 ہزار ڈالر ہیں جو بیشتر امپورٹرز کے لیے برداشت کرنا مشکل ہیں۔چیف کلکٹر نے اتفاق کیا کہ اگر کسٹمز حکام کو کسی درآمدی خام مال کی قیمت کے تعین میں مسئلہ درپیش ہو تو پی سی ڈی ایم اے اپنے وسائل کی بنیاد پر قیمت کی تصدیق کر کے سرٹیفکیٹ جاری کرسکتی ہے جسے اسکین پرائسنگ کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاسکے گا۔ڈی پی ایل کے حوالے سے وفد نے نشاندہی کی کہ پیسا کی جانب سے تین ماہ کی رعایت دی گئی ہے۔چیف کلکٹر نے یقین دہانی کرائی کہ اس رعایت پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا اور کسی کنسائنمنٹ کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔سیلف کلیئرنس کے معاملے پر وفد نے کہا کہ پہلے امپورٹرز کو این ٹی این کی بنیاد پر ایک سال یا بعد میں چھ ماہ کے لیے یہ سہولت ملتی تھی مگر اب یہ بل آف لیڈنگ کی بنیاد پر کیس ٹو کیس دی جارہی ہے جس سے عمل طویل اور پیچیدہ ہوگیا ہے۔وفد نے کم از کم چھ ماہ کے لیے این ٹی این کی بنیاد پر سیلف کلیئرنس بحال کرنے کی درخواست کی۔چیف کلکٹر نے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ پی سی ڈی ایم اے اپنے ممبران کے لیے سفارشاتی خط جاری کرے جس کی بنیاد پر تصدیق کے بعد این ٹی این کے تحت کم از کم چھ ماہ کے لیے سیلف کلیئرنس کی اجازت دی جاسکتی ہے۔کسٹمز ویلیوایشن رولنگ کے بارے میں وفد نے مؤقف اختیار کیا کہ عالمی منڈی میں قیمتیں روزانہ تبدیل ہونے کے باعث موجودہ طریقہ کار غیر مؤثر ہوتا جارہا ہے اس لیے رولنگز پر نظرثانی ضروری ہے۔چیف کلکٹر نے اس کا جائزہ لینے اور مزید مشاورت کے ذریعے مناسب اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔چیئرمین پی سی ڈی ایم اے محمد سلیم مکاتی نے کسٹمز حکام کے مثبت رویے کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں فریقوں کے درمیان بہتر رابطوں سے درآمدی رکاوٹیں دور ہوسکتی ہیں اور کلیئرنس کا نظام مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

اور فیلڈ مارشل کی مشترکہ کوششوں اور مؤثر اقدامات کے باعث خطے میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے پاکستان کی کوششیں نہایت اہم ہیں۔گورنر سندھ نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا میں پائیدار امن کا قیام، استحکام اور ترقی قومی اہمیت کے حامل ہیں۔ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے، عوامی مسائل کے حل اور معاشی ترقی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے تمام ریاستی اداروں، سیاسی قیادت اور متعلقہ فریقین کے درمیان باہمی تعاون اور ہم آہنگی ضروری ہے۔سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے، امن واستحکام کے فروغ اور معاشی ترقی کے لیے قومی قیادت اور ریاستی اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری، باہمی اعتماد اور مشترکہ حکمت عملی وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے قومی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

کی قیمت میں کمی کے نتیجے میں آٹے کی قیمت میں بھی 17 روپے فی کلو کمی متوقع ہے، جبکہ صوبے میں پہلے ہی آٹے کی قیمت میں کمی کا رجحان ہے۔کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور گندم کی قیمت کم کرنے کا فیصلہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے بتایا کہ کچی آبادیوں کو ون ونڈو آپریشن کے تحت ریگولرائز کرنے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جبکہ کراچی میں اسمارٹ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم کے تحت ٹریفک چلانے کا منصوبہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔سینئر وزیر نے سیاسی جماعتوں کے جلسوں سے متعلق کہا کہ کسی بھی جماعت کو جلسہ کرنے کے لیے پیشگی اجازت حاصل کرنا ہوگی اور بغیر اجازت کسی کو جلسے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔شرجیل میمن نے ایم کیو ایم پاکستان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ شارع فیصل پر جلسے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور ایم کیو ایم کو 12 مئی کا جلسہ بھی نہیں کرنے دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

متعلق نجی کمپنی کی آئینی درخواست پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کو درخواست گزار کمپنی کے خلاف کارروائی سے روک دیا۔سماعت کے دوران درخواست گزار نجی کمپنی کے وکیل حیدر وحید ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ این سی سی آئی اے کا دائرہ اختیار سائبر کرائم سے متعلق معاملات تک محدود ہے اور منی لانڈرنگ کے معاملات اس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔وکیل نے کہا کہ درخواست گزار کمپنی کی سرگرمیاں مالی سہولیات کی فراہمی سے متعلق ہیں اور اس پلیٹ فارم کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے باقاعدہ لائسنس بھی جاری کر رکھا ہے۔کمپنی کا مؤقف ہے کہ اس کا کام عوام کو مالی سہولت فراہم کرنے کے لیے پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے، نہ کہ منی لانڈرنگ کی روک تھام یا اس کی تحقیقات کرنا۔درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ این سی سی آئی اے کو اس معاملے میں کارروائی کا قانونی اختیار حاصل نہیں ہے اور جاری کردہ نوٹس کو بھی چیلنج کیا گیا ہے۔عدالت نے دلائل سننے کے بعد این سی سی آئی اے کو درخواست گزار کمپنی کے خلاف کارروائی سے روک دیا، تاہم نجی کمپنی کو انکوائری میں تعاون کرنے اور اپنا بیان ریکارڈ کرانے کی ہدایت کردی۔عدالت نے کیس کی مزید سماعت 20 جنوری تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر این سی سی آئی اے سے پیش رفت رپورٹ بھی طلب کرلی۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

گل پلازہ کیس کی سماعت ہوئی، جس میں ملزم تنویر پاستا سمیت دیگر ملزمان پیش ہوئے۔دوران سماعت سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ محمد امین گل پلازہ یونین کے عہدیدار ہیں اور بیرون ملک ہونے کے باعث مسلسل عدالت میں پیش نہیں ہورہے۔سرکاری وکیل کے مؤقف پر عدالت نے مفرور ملزم محمد امین کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کی ہدایت کردی۔عدالت نے گل پلازہ سے ملبہ اٹھانے سے متعلق سرکاری وکیل کی درخواست پر فیصلہ مؤخر کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 16 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کرنے کی جائے گی۔علی حیدر نے حکومتی اقدام کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومتی فارمولے کے نفاذ سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہوسکتا ہے، جس سے عام صارفین متاثر ہوں گے اور گھریلو صارفین کے لیے ایل پی جی کا حصول مزید مہنگا ہوجائے گا۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

کوالیس پی پی اے نے دوبارہ کھیل کے قابل کیا اس پر محکمہ کھیل سندھ کی جانب سے فلڈ لائٹس کی تنصیب پر دلی اظہار تشکر کیا ہے غلام محمد خان ومندرجہ بالا افراد نے سندھ کے ہر دلعزیز وزیر کھیل سردار محمد بخش خان مہر، سیکرٹری منور علی مہیسر، ایڈیشنل سیکریٹری ڈاکٹر اسد اسحاق، چیف انجینئر اسلم مہر اور سیکشن آفیسر اے ڈی گوپانگ کو ان کاوشوں اور کوششوں کو خراج تحسین ادا کیا ہے کہ جو وہ سندھ کے نوجوانوں کو صحیح معنوں میں کھیل کے میدان میں تربیت کر رہے ہیں غلام محمد خان نے DSO لاڑکانہ محفوظ مکانی کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے کہ جنہوں نے اور کھیلوں کی طرح باسکٹ بال کھیل کی ترقی کے لئے بے پناہ خدمات انجام دیں غلام محمد خان نے اعلان کیا کہ 7 نومبر کو سیکرٹری کھیل منور علی مہیسر کو کھیلوں میں خدمات پر شہید ذوالفقار علی بھٹو حسن کارکردگی گولڈ میڈل دیا جائے گا

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

والے اجلاس میں کیا گیا، جس کی مرکزی چیئرمین، مرکزی قیادت اور صوبائی قیادت نے باقاعدہ منظوری دی ہے۔سرکلر کے مطابق تنظیم کو فعال بنانے میں نمایاں کردار ادا کرنے پر تمام ڈویژنل عہدیداران کو نامزدگی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ ایگزیکٹو باڈی وفاقی وصوبائی محکموں، خودمختار اداروں اور تعلیمی اداروں میں خدمات انجام دینے والے حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین، بالخصوص BS-01 سے BS-16 کے ملازمین اور BS-17 سے BS-19 کے افسران کے جائز مفادات، فلاح و بہبود، وقار اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے کام کرے گی ایگزیکٹو ڈویژنل باڈی کی مدت تین سال ہوگی، جو نوٹیفکیشن کی تاریخ سے شروع ہوکر 31 دسمبر 2029 تک برقرار رہے گی۔مدت ختم ہونے کے بعد کوئی بھی عہدیدار خود کو اپیکا پاکستان (شہید ساقی) میر پورخاص ڈویژن کا نمائندہ ظاہر کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔نومنتخب عہدیداران میں سلیم خان چیئرمین (اعزازی)، شمریز خان ریونیو وائس چیئرمین، سید عابد علی لوکل گورنمنٹ صدر، ملک عبدالستار بورڈ میر پورخاص سینئر نائب صدر، سید شہباز علی رضوی پوسٹ آفس نائب صدر، محمد رفیق لغاری PWDS میر پورخاص نائب صدر-I، محمد خالد صدیقی پبلک ہیلتھ جونیئر نائب صدر-I، محمد عباس پہلوانی اریگیشن جونیئر نائب صدر-II، راشد عزیز ہیلتھ جونیئر نائب صدر، گل PWDS تھرپارکر مٹھی جنرل سیکریٹری، کامران نار بجو لوکل گورنمنٹ ایڈیشنل جنرل سیکریٹری، محمد شاہد سوئی گیس ڈپٹی جنرل سیکریٹری، اعجاز علی کلچر ڈیپارٹمنٹ عمرکوٹ فنانس سیکریٹری، قادر بخش خاصخیلی ایگریکلچر انفارمیشن سیکریٹری/ میڈیا کوآرڈینیٹر، سلیم شیخ ایگریکلچر آفس/ رابطہ سیکریٹری اور ریاض حسین ایجوکیشن شامل ہیں۔

☆☆☆

ارجنٹائن سفیر کی پاکستان کو زرعی نقصانات پر قابو پانے کی ٹیکنالوجی کی پیشکش

دونوں ملکوں کے درمیان زراعت، ڈیری، فارماسیوٹیکل سیکٹرز میں مشترکہ منصوبوں کے وسیع مواقع موجود ہیں، طلعت محمود

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان میں ارجنٹائن کے سفیر سیباسٹین سایوس نے پاکستان کو زرعی پیداوار میں ہونے والے بھاری نقصانات پر قابو پانے کے لیے جدید زرعی مشینری، اناج ذخیرہ کرنے کی ٹیکنالوجی ور فصل کٹائی کے بعد انتظامات میں ارجنٹائن کی مہارت فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے اور ساتھ ہی زراعت، ڈیری اور فارماسیوٹیکل سیکٹرز میں مشترکہ منصوبوں اور بزنس ٹو بزنس شراکت داری کے وسیع مواقعوں اور تعاون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)





گورنر سندھ سے چیئرمین ڈیفنس اسٹینڈنگ کمیٹی سینیٹر طلحہ محمود کی ملاقات

ملکی صورتحال، علاقائی امن اور خیبر پختونخوا میں استحکام پر تبادلہ خیال

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے چیئرمین ڈیفنس اسٹینڈنگ کمیٹی سینیٹر طلحہ محمود نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، علاقائی امن و استحکام، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کسٹمز اور پی سی ڈی ایم اے کا درآمدی مسائل مشاورت سے حل کرنے پر اتفاق

آئی سی آئی ایس اسکین کے متبادل کے طور پر پی سی ڈی ایم اے کے پرائس ویریفکیشن سرٹیفکیٹس قبول کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) محکمہ کسٹمز اور پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمرچنٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) نے کمرشل امپورٹرز کو درآمدی مرحلے پر درپیش مسائل باہمی مشاورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سندھ کے شہروں کی حالت دیکھ کر دکھ ہوتا ہے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

کوہسار میڈیکل کالج کا وفاق سے منظور شدہ منصوبہ سرخ فیتے کی نذر ہو گیا، سابق گورنر سندھ کا اظہارِ تشویش

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (MPP) کے سربراہ، سابق گورنر سندھ اور نشانِ امتیاز ڈاکٹر عشرت العباد خان نے سندھ کے مختلف شہروں کی ابتر صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



نیویارک ورلڈ میجر میراتھن 2026 میں محمد یوسف، مونا خان کی پاکستان کی کامیاب نمائندگی

پولیو فری پاکستان اور تعلیم کے فروغ کا پیغام لیکر دو مرتبہ گنیز ورلڈ ریکارڈ ہولڈرز کی عالمی میراتھن میں شرکت

نیویارک (خصوصی رپورٹ) امریکہ کے شہر نیویارک میں منعقد ہونے والی دنیا کی معروف ترین TCS New York City Marathon 2026 میں پاکستانی انٹرنیشنل میراتھن رنر محمد یوسف اور معروف خاتون ایتھلیٹ، سینئر صحافی اور NewsPTV کی اینکر محترمہ مونا خان نے پاکستان کی نمائندگی کی اور قومی پرچم کو عالمی سطح پر سربلند کیا۔ محمد یوسف اور مونا خان دونوں دو، دو مرتبہ گنیز ورلڈ ریکارڈ ہولڈر ہیں۔ دونوں نے اس عالمی مقابلے میں اپنی دوڑ کو ایک عظیم مقصد کے لیے وقف کیا۔ ان کا مقصد پولیو فری پاکستان اور پاکستان میں تعلیم کے فروغ کا پیغام دنیا بھر تک پہنچانا تھا۔ دونوں ایتھلیٹس نے نیویارک کی سڑکوں پر دوڑتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

محمد حنیف گوہر کی بلڈرز ڈیولپرز کی 38 گمشدہ فائلوں پر اظہار تشویش

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں ڈی جی وسیم شمشاد سے ملاقات، سینئر وائس چیئرمین دانش بن رؤف اور وائس چیئرمین سید خورشد عالم بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) نے سندھ بلڈنگز کنٹرول اتھارٹی میں بلڈرز اور ڈیولپرز کی 38 گمشدہ فائلوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان فائلوں کے حوالے سے تازہ ترین پیش رفت سے آباد کو آگاہ کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق آباد کے چیئرمین محمد حنیف گوہر کی سربراہی میں آباد کے وفد نے ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) وسیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کا ٹنڈو جام اور لاڑکانہ کا دورہ

چیئرمین محمد رضا کا چاول کی پیداوار، معیار اور برآمدات میں اضافے کے لیے زرعی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی پر زور



کراچی (بزنس رپورٹر) رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کے چیئرمین محمد رضا کی قیادت میں ایک وفد نے 30 اور 31 اکتوبر کو ٹنڈو جام اور لاڑکانہ کا دورہ کیا، جس کے دوران زرعی تحقیقی اداروں اور کاروباری برادری کے نمائندوں سے اہم ملاقاتیں ہوئیں۔ ان ملاقاتوں میں پاکستان کے چاول کے شعبے کی ترقی، پیداوار اور معیار میں بہتری سمیت برآمدات کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹنڈو جام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سندھ میں گندم کی امدادی قیمت 4500 روپے فی من مقرر

آٹا 17 روپے سستا ہونے کا امکان، کچی آبادیوں کی ریگولرائزیشن کے لیے کمیٹی قائم شرجیل میمن کا کراچی میں اسمارٹ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم نافذ کرنے کا اعلان

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ حکومت نے گندم کی امدادی قیمت 5 ہزار روپے سے کم کر کے 4500 روپے فی من مقرر کر دی ہے۔ سینئر وزیر سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ گندم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



جازکیش کے ذریعے مبینہ منی لانڈرنگ، سندھ ہائیکورٹ نے این سی سی آئی اے کو کارروائی سے روک دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے مائیکرو فنانسنگ کے پلیٹ فارم جازکیش کے ذریعے مبینہ منی لانڈرنگ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سانحہ گل پلازہ کیس: ملزم محمد امین کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت کے روبرو سانحہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ایل پی جی ایسوسی ایشن کا 16 نومبر سے غیر قانونی فروخت بند کرنے کا اعلان

حکومتی فارمولے کے نفاذ سے قیمتوں میں 30 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے، ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر



کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشن نے ملک گیر احتجاج کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اعلان کے مطابق 16 نومبر سے ایل پی جی کی غیر قانونی فروخت بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما علی حیدر نے حکومتی فیصلے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

لاڑکانہ باسکٹ بال کورٹ پر فلڈ لائٹس روشن ہو گئیں، غلام محمد خان

محکمہ کھیل سے اظہار تشکر، منور علی مہیسر کو 7 نومبر کو شہید ذوالفقار علی بھٹو گولڈ میڈل دیا جائے گا

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سرپرست غلام محمد خان، صدر غلام عباس جمال چوہدری، سیکریٹری عامر شریف، پاک فضائیہ کالج کے IDPE اسد عباد علی، ساحر حسین، حیدر علی کھوسو نے لاڑکانہ کے کھوڑو اسپورٹس کمپلیکس کے باسکٹ بال کورٹ جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



آل پاکستان کلرکس، پنشنرز اینڈ سول ایمپلائز ایسوسی ایشن (اپکا) پاکستان (شہید ساتی) سندھ کی جانب سے میر پور خاص ڈویژن کی نئی ایگزیکٹو ڈویژنل باڈی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) آل پاکستان کلرکس، پنشنرز اینڈ سول ایمپلائز ایسوسی ایشن (اپکا) پاکستان (شہید ساقی) سندھ کی جانب سے کے مطابق یہ فیصلہ 22 اکتوبر 2026 کو صوبائی جنرل سیکریٹری، اپکا پاکستان (شہید ساقی) سندھ کی زیر صدارت ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

میر پور خاص ڈویژن کی نئی ایگزیکٹو ڈویژنل باڈی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن نمبر 29-28/17/7/EC/CVC/SS/APCA

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان — تصاویر: نسیم خان

بلاول بھٹو زرداری اور سید مراد علی شاہ کی پی بی اے کی نو منتخب قیادت کو مبارکباد


شکیل مسعود حسین چیئرمین، میر ابراہیم رحمٰن سینئر وائس چیئرمین اور سلمان اقبال وائس چیئرمین کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار

میاں عامر محمود جنرل سیکریٹری، دردانہ قریشی جوائنٹ سیکریٹری اور احمد اے زبیری فنانس سیکریٹری کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش

پیپلز پارٹی چیئرمین نے فیک نیوز، میڈیا ٹرائلز کی روک تھام اور ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ کیلئے تمام متعلقہ فریقین سے کردار ادا کرنے کی اپیل کی







کراچی (علیم نواب خان) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کی نو منتخب قیادت اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے امید ظاہر کی ہے کہ نئی قیادت پاکستان کی میڈیا انڈسٹری کی ترقی، آزادی؟ صحافت، پیشہ ورانہ معیار اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پی بی اے کے نو منتخب چیئرمین شکیل مسعود حسین، سینئر وائس چیئرمین میر ابراہیم رحمٰن اور وائس چیئرمین سلمان اقبال کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے نو منتخب سیکریٹری جنرل میاں عامر محمود، جوائنٹ سیکریٹری دردانہ قریشی، فنانس سیکریٹری احمد اے زبیری اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تمام منتخب اراکین کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ انہیں امید ہے کہ پی بی اے کی نئی قیادت آزادی صحافت، صحافتی پیشہ ورانہ معیار اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد اور ذمہ دار نشریاتی ادارے کسی بھی جمہوری معاشرے میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، کیونکہ یہ عوام تک مستند معلومات پہنچانے اور جمہوری مکالمے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ میڈیا اداروں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کو درست، مستند اور قابل اعتماد معلومات فراہم کرنی چاہئیں۔ آزاد میڈیا نہ صرف عوامی شعور اجاگر کرتا ہے بلکہ جمہوری اقدار، شفافیت اور معاشرتی مکالمے کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے فیک نیوز اور میڈیا ٹرائلز کی روک تھام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ غلط معلومات کی تشہیر اور غیر ذمہ دارانہ صحافتی طرزِ عمل سے معاشرے میں غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں، اس لیے تمام متعلقہ فریقین کو ان مسائل کے خاتمے اور ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ کے لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے پی بی اے کے نئے چیئرمین شکیل مسعود حسین، ڈان نیوز، کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے سینئر وائس چیئرمین میر ابراہیم رحمٰن، جیو ٹی وی، اور وائس چیئرمین سلمان اقبال، اے آر وائی، کو بھی مبارکباد دی۔ انہوں نے سیکریٹری جنرل میاں عامر محمود، دنیا ٹی وی، اور جوائنٹ سیکریٹری دردانہ قریشی، ہم ٹی وی، کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سید مراد علی شاہ نے فنانس سیکریٹری احمد اے زبیری، آج ٹی وی، کو بھی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پی بی اے کے تمام عہدیداران کا بلا مقابلہ منتخب ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ایسوسی ایشن کے ارکان کو ان کی صلاحیتوں اور قیادت پر بھرپور اعتماد ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے امید ظاہر کی کہ پی بی اے کی نو منتخب قیادت پاکستانی میڈیا انڈسٹری کی ترقی، صحافتی اقدار کی سربلندی اور ذرائع ابلاغ کے شعبے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا معاشرے کی رہنمائی، عوامی مسائل کی نشاندہی اور جمہوری نظام کے استحکام میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

☆☆☆

تنکبو گرین لائٹ انرجی کی پی ایس ایکس پر لسٹنگ، گونگ تقریب کا انعقاد

گونگ تقریب ملک کی پہلی اسپیک ٹرانزیکشن کی کامیاب تکمیل کیساتھ کیپٹل مارکیٹ کیلئے تاریخی کامیابی کی نشاندہی کرتی ہے، احمد چنائے

ہم نے برسوں اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے، منصوبے مکمل کرنے اور پاکستان کی شمسی توانائی کی مارکیٹ میں اپنی موجودگی قائم کرنے میں صرف کیے، محمد قاسم

آفتاب احمد چوہدری نے پاکستان میں اسپیک کے تصور کو متعارف کرانے میں قائدانہ کردار ادا کیا اور اس ٹرانزیکشن پر مشاورت فراہم کی



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے تنکبو گرین لائٹ انرجی لمیٹڈ (این جی ایل ای ایل) کی لسٹنگ کے مین بورڈ پر لسٹنگ کے موقع پر گونگ تقریب کا اہتمام کیا۔ یہ لسٹنگ پاکستان کی پہلی اسپیشل پرپز ایکوزیشن کمپنی (اسپیک) ٹرانزیکشن کی کامیاب تکمیل کے بعد عمل میں آئی۔ یہ لسٹنگ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسپیک فریم ورک کس طرح باصلاحیت کاروباروں کو عوامی سرمائے تک رسائی کا متبادل راستہ فراہم کر سکتا ہے۔ این جی ایل ای ایل کی ابتدا میں ایل ایس ای اسپیک لمیٹڈ کی ہدف کمپنی کے طور پر نشاندہی کی گئی تھی، اور اس نے 30 ستمبر 2026 کو لاہور ہائی کورٹ سے منظور شدہ اسکیم آف آرینجمنٹ کے ذریعے اپنا این جی ایل ای ایل کی شمولیت ظاہر کرتی ہے کہ کیپٹل مارکیٹ کے جدید ڈھانچے کس طرح ترقی کیپٹل کی تشکیل کردہ اور سہولت یافتہ اس ٹرانزیکشن کے نتیجے میں ایل ایس ای اسپیک کا این جی ایل ای ایل میں انضمام ہوا، جس سے اس شمسی توانائی کی کمپنی کے لیے عوامی طور پر لسٹ ہونے کی راہ ہموار ہوئی۔ این جی ایل ای ایل قابل تجدید توانائی کے شعبے میں کام کرتی ہے اور سولر انجینئرنگ، پروکیورمنٹ اینڈ کنسٹرکشن (ای پی سی)، سسٹم انٹیگریشن اور آپریشنز اینڈ مینٹیننس کی خدمات میں مہارت رکھتی ہے۔ پی ایس ایکس کے ڈائریکٹر جناب احمد چنائے، ہلال امتیاز، ستارہ امتیاز نے کہا: "آج کی گونگ تقریب ملک کی پہلی اسپیک ٹرانزیکشن کی کامیاب تکمیل کے ساتھ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کے لیے ایک تاریخی کامیابی کی نشاندہی کرتی ہے۔ مین بورڈ پر این جی ایل ای ایل کی شمولیت ظاہر کرتی ہے کہ کیپٹل مارکیٹ کس طرح ترقی کی خواہاں کمپنیوں کے لیے عوامی سرمائے تک رسائی اور اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ لسٹنگ نہ صرف اس لیے اہم ہے کہ اس سے مستقبل کی اسپیک ٹرانزیکشنز کے لیے ایک نظیر قائم ہوتی ہے، بلکہ اس لیے بھی کہ یہ پاکستان کے قابل تجدید توانائی کی طرف سفر میں معاون ہے اور پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بناتی ہے۔" اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے تنکبو گرین لائٹ انرجی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد قاسم نے کہا: "ہمارے لیے یہ لسٹنگ محض ایک مالیاتی سنگ میل سے کہیں بڑھ کر ہے۔ ہم نے برسوں اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے، منصوبے مکمل کرنے اور پاکستان کی شمسی توانائی کی مارکیٹ میں اپنی موجودگی قائم کرنے میں صرف کیے ہیں۔ عوامی طور پر لسٹڈ کمپنی بننے سے ہمیں ایک مضبوط پلیٹ فارم ملا ہے جس کے ذریعے ہم بڑے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں گے، اپنے آپریشنز کو وسعت دے سکیں گے اور اپنے شیئر ہولڈرز کے لیے دیرپا قدر پیدا کر سکیں گے۔ ہمیں خاص طور پر اس بات پر فخر ہے کہ ہم ایک ایس ایم ای ٹرانزیکشن کا حصہ ہیں جس نے پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کے لیے بھی ایک نیا باب کھولا ہے۔" تنکبو گرین لائٹ انرجی لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ٹیکنالوجی چینگ کوان نے کمپنی کی تکنیکی صلاحیتوں اور مستقبل کے عزائم پر روشنی ڈالی۔ "پاکستان میں شمسی توانائی کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، لیکن اس صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے صرف ٹیکنالوجی کافی نہیں۔ اس کے لیے انجینئرنگ کی مہارت، قابل اعتماد عملدرآمد اور مقامی حالات کے مطابق تیار کردہ حل درکار ہیں۔

☆☆☆

